e-paper www.avadhnama.com

Postal Registration No. GPOLW/MP-50/2012-14 • RNI No. UPURD/2001/6110

LUCKNOW روزنامہ

اودھ نامہ

avadhnama

Rs.3/- Vol- 25 , Issue, 351 Thursday , September 24 2026 Pages -8

قیمت ۳/روپیہ جلد نمبر(۲۵)شمارہ نمبر(۳۵۱) لکھنؤ، بروز جمعرات ۲۴-ستمبر ۲۰۲۶ء،مطابق ۱۱/ربیع الآخر-۱۴۴۸ھ صفحات-۸

## بھوپال کے 21 سالہ ماسٹر پلان کا راستہ ہموار

نئی دہلی۔سپریم کورٹ نے مدھیہ پردیش حکومت کو بھوپال شہر کا نیا ڈرافٹ ماسٹر پلان پیش کرنے کی اجازت دے دی، لیکن شرط عائد کی کہ اسے عدالت کی اجازت کے بعد ہی نافذ کیا جا سکے گا۔عدالت نے واضح کیا کہ رہائشی علاقوں میں چل رہے تجارتی اداروں کو بند کرنے کی بی ایم سی (بھوپال میونسپل کارپوریشن) کی مہم جاری رہے گی۔اس فیصلہ سے ان تاجروں کو دھچکا لگا ہے جو اپنی روزی روٹی کی فکر کا حوالہ دیتے ہوئے احتجاج کر رہے تھے۔سماعت کے دوران ریاستی حکومت نے بتایا کہ بی ایم سی کی مہم شروع ہونے کے 2 دن بعد تشکیل دی گئی اعلیٰ سطحی کمیٹی کو تحلیل کردیا گیا ہے۔اس سے قبل سپریم کورٹ نے تمام ریاستوں اور مرکز کے زیرانتظام خطوں کو حکم دیا تھا کہ وہ اپنی راجدھانیوں کے رہائشی علاقوں میں تجارتی سرگرمیاں بند کریں۔مدھیہ پردیش حکومت کے وکیل نے عدالت کو بتایا کہ بھوپال میں 1995 سے کوئی ماسٹر پلان نہیں ہے۔

## عطیات چوری: 8 ملزمان کے خلاف چارج شیٹ داخل

اجودھیا۔رام مندر عطیات چوری معاملے میں پولیس نے بدھ کی صبح تمام 8 ملزمان کے خلاف عدالت میں چارج شیٹ داخل کردی ہے۔پولیس کی جانب سے چارج شیٹ داخل کیے جانے کے بعد اب ملزمان کے 'ڈیفالٹ بیل' (ضمانت) حاصل کرنے کا امکان ختم ہوگیا ہے۔دراصل اسپیشل کورٹ نے انوکلپ مشرا، کرونیش پانڈے اور لوکش مشرا کی ضمانت عرضی خارج کردی تھی۔عدالت نے پیرکو اوینا ش شکلا، رما شنکر مشرا اور منیش یادو کی بھی ضمانت عرضی خارج کردی تھی۔اس کے بعد باقی بچے 2 دیگر ملزمان رام شنکر یادو عرف ٹنو اور سبھاش چندر شریواستو کی ضمانت عرضی پر آج اسی عدالت میں سماعت ہونی ہے۔واضح رہے کہ حالیہ دنوں میں رام مندر عطیات چوری کا معاملہ موضوع بحث رہا ہے۔اس معاملے میں ملزمان بھیڑ کا فائدہ اٹھا کر بینک ملازمین اور مندر کے کچھ اسٹاف کی ملی بھگت سے عطیات کے صندوقوں سے پیسے چوری کرتے تھے۔

**الیکشن کمشنر کی تقرری معاملہ**

# بڑی بینچ کو بھیجنے پر سپریم کورٹ منقسم

## وزیراعظم کا نامزد کردہ رکن کبھی وزیراعظم کی مخالفت نہیں کرسکتا: جسٹس دتہ

نئی دہلی: سپریم کورٹ نے بدھ کے روز چیف الیکشن کمشنر اور دیگر الیکشن کمشنرز (تقرری، ملازمت کی شرائط اور مدتِ ملازمت) ایکٹ، 2023 کو چیلنج کرنے والی درخواست کو ایک بڑے بینچ کے سپرد کرنے کی مرکزی حکومت کی استدعا پر منقسم فیصلہ سنایا۔یہ فیصلہ جسٹس دیپانکر دتہ اور جسٹس ستیش چندر شرما نے سنایا۔بینچ نے اس معاملے پر اپنا فیصلہ محفوظ کرلیا تھا کہ آیا چیف الیکشن کمشنر اور الیکشن کمشنرز کی تقرری کے عمل کو ریگولیٹ کرنے والے قانون کو چیلنج کرنے والی درخواستوں کو پانچ ججوں پر مشتمل بڑے بینچ کے پاس بھیجنے کی ضرورت ہے یا نہیں۔چیف الیکشن کمشنر اور دیگر الیکشن کمشنرز کی تقرری کی ذمہ دار موجودہ کمیٹی وزیراعظم، لوک سبھا میں اپوزیشن لیڈر اور مرکزی کابینہ کے ایک وزیر پر مشتمل ہے۔جسٹس دتہ نے معاملے کو بڑے بینچ کے سپرد کرنے کی حکومتی درخواست کو مسترد کردیا اور 2023 کے ایکٹ کو چیلنج کیے جانے کے معاملے پر اپنے خیالات کا اظہار کیا۔اپنی رائے سناتے ہوئے جسٹس دتہ نے درخواست گزار کے اس استدلال کا ذکر کیا کہ وزیراعظم کے نامزد کردہ رکن سے یہ توقع نہیں کی جاسکتی کہ وہ وزیراعظم کی مخالفت کرے گا یا اپوزیشن لیڈر کا ساتھ دے گا، نتیجتاً، اگر یہ سلیکشن کمیٹی کام کرتی ہے تو فیصلے ہمیشہ کاغذ پر ایگزیکٹو (انتظامیہ) کے حق میں 1-2 ووٹ کی صورت میں نظر آئیں گے اور حقیقت میں، حکمران جماعت کے حق میں ہوں گے۔جسٹس دتہ نے مشاہدہ کیا، "کمیٹی میں ایگزیکٹو کے دو ارکان کی موجودگی کے باعث ایگزیکٹو کے پاس مؤثر ویٹو (اختیارِ استرداد) کا حق ہوتا ہے، ایک ایسی چیز جس کی ڈاکٹر امبیڈکر نے مخالفت کی تھی اور اسے مسترد کردیا تھا۔"جسٹس دتہ نے ذکر کیا کہ جب بینچ نے یہ سوال کیا کہ آیا وزیراعظم اور لوک سبھا میں اپوزیشن لیڈر کے درمیان اختلافِ رائے کی صورت میں وزیراعظم کا نامزد کردہ رکن وزیراعظم کے خلاف موقف اختیار کرے گا، تو اٹارنی جنرل کا جواب تھا شاید نہیں۔"جسٹس دتہ نے ریمارکس دیے، "منفی نتیجے کا امکان اتنا زیادہ ہے کہ یہ سلیکشن کمیٹی کی ذہنیت پر اثرانداز ہوتا ہے۔۔۔اگر تقرریاں اچھی بھی ہوں، تب بھی یہ عمل عوامی تاثر کے معیار پر پورا نہیں اترتا۔۔۔یہ کہنا غلط نہ ہوگا کہ اگر کرکٹ میچ میں ٹیم کا کپتان امپائر کا انتخاب کرے اور اس کی ٹیم جیت جائے، تو ایسے امپائر کا فیصلہ، خواہ وہ درست ہی کیوں نہ ہو، شک و شبہ کے گھیرے میں رہتا ہے۔آخرکار، امپائر کا انتخاب تو جیتنے والے کپتان نے ہی کیا تھا۔"انہوں نے ان تجاویز کو وزنی قرار دیا اور کہا، اگر آزادانہ اور منصفانہ انتخابات کروانے ہیں تو یہ ناگزیر ہے کہ الیکشن کمیشن آف انڈیا نہ صرف ایک خودمختار ادارہ ہو بلکہ آزادانہ طور پر کام کرتا ہوا بھی دکھائی دے۔"ایسی صورتحال میں، سلیکشن کمیٹی میں مرکزی وزیر کو شامل کرنے سے وہ آزادانہ توازن قائم نہیں ہو پاتا جو ایک غیر جانبدار سلیکٹر فراہم کرسکتا ہے، مرکزی وزیر تو محض اپنے لیڈر کی آواز کی بازگشت ہی ثابت ہوں گے۔"جسٹس دتہ نے مزید کہا، لہٰذا، سلیکشن کمیٹی میں لوک سبھا میں اپوزیشن لیڈر کی موجودگی بڑی حد تک محض علامتی بن کررہ جاتی ہے اور ان کی شمولیت کا اصل مقصد پورا نہیں ہو پاتا۔"انہوں نے مشاہدہ کیا کہ درخواست گزار کا یہ استدلال کہ 2023 کا ایکٹ تقرری کے حوالے سے ایگزیکٹو کو ضرورت سے زیادہ اختیارات دیتا ہے اور اس طرح خودمختاری کے تاثر کو مجروح کرتا ہے، بظاہر وزنی معلوم ہوتا ہے۔تاہم، جسٹس شرما نے کہا کہ اس معاملے پر آئین کے آرٹیکل 145(3) کے تحت ایک آئینی بنچ کی جانب سے باضابطہ فیصلہ کیا جانا چاہیے۔بنچ نے حکم دیا کہ مزید تاخیر سے بچنے کے لیے اس معاملے کو چیف جسٹس آف انڈیا کے سامنے پیش کیا جائے تاکہ ایک مناسب آئینی بنچ تشکیل دیا جاسکے۔عدالت نے نوٹ کیا کہ محض یہ طے کرنے کے لیے کہ آیا معاملے کو آئینی بنچ کے سپرد کیا جائے یا نہیں، اسے تین ججوں پر مشتمل بنچ کے پاس بھیجنے کے نتیجے میں کارروائی میں غیر ضروری تاخیر ہوگی۔



### کینسر کی دوائیوں کی بہت زیادہ قیمتیں دن دہاڑے ڈکیتی: سپریم کورٹ

نئی دہلی: سپریم کورٹ نے منگل کو کینسر کی دواؤں کی بہت زیادہ قیمتوں کو 'دن دہاڑے ڈکیتی' قرار دیا۔عدالت کو بتایا گیا کہ کینسر کی ضروری دواؤں کی زیادہ سے زیادہ خوردہ قیمت (ایم آر پی) 27,000 روپے ہے، جب کہ ریٹیلر کی قیمت (پی ٹی آر) صرف 2,700 روپے ہے۔سپریم کورٹ نے اس قیمت کو مریضوں کے خلاف زبردستی وصولی، 'سراسر فساد' اور 'نسل کشی' قرار دیا اور حیرت کا اظہار کیا کہ حکام اس پر خاموش کیوں ہیں۔بہت زیادہ قیمت پر سخت تبصرہ کرتے ہوئے سپریم کورٹ نے پوچھا کہ دوا کی اصل قیمت سے 10 گنا زیادہ ایم آر پی چھاپنے کی اجازت کیوں ہے؟ ایم آر پی زیادہ سے زیادہ 10 فیصد یا 16 فیصد کیوں نہیں ہوسکتی؟ یہ لامحدود کیوں ہونی چاہیے؟ اس معاملے کی سماعت جسٹس وکرم ناتھ اور جسٹس سندیپ مہتا کے بنچ نے کی۔بنچ دو درخواستوں پر سماعت کر رہا تھا، جن میں ادویات سے جڑے مسائل اٹھائے گئے تھے۔ان میں ادویات پر سخت پرائس کنٹرول کو یقینی بنانا بھی شامل تھا۔بنچ نے کہا کہ یہ بہت حیران کن بات ہے کہ جن حکام کو اس پر ایکشن لینا چاہیے تھا، وہ خاموش ہیں۔جسٹس مہتا نے کہا کہ کئی مریضوں کا علاج پی ایم جے اے وائی یا آیوشمان بھارت کے تحت ہورہا ہے، اس لیے ٹیکس دہندگان کا پیسہ اس سب میں جاتا ہے اور جو دوا 200 روپے میں بکتی ہے، وہ 2000 روپے میں دی جاتی ہے اور ہسپتال کو ری ایمبرسمنٹ (رقم کی واپسی) ملتی ہے۔جسٹس مہتا نے کہا، 'یہ براہ راست دھوکہ دہی کا معاملہ ہے'، اور کہا کہ مینوفیکچر رہی ایم آر پی طے کرتا ہے۔جسٹس مہتا نے مزید کہا کہ ایک مینوفیکچرر کینسر کی دوا پر ایم آر پی کے طور پر 27,000 روپے لکھتا ہے، جب کہ پی ٹی آر (ریٹیلر کے لیے قیمت) 2700 روپے ہے۔یہ بہت زیادہ فرق ہے! چونکا دینے والا ہے! بنچ کو بتایا گیا کہ زیادہ تر ریٹیلر زہی زیادہ پیسے وصول کرتے ہیں۔بنچ نے استفسار کیا کہ دوا کی اصل قیمت سے 10 گنا زیادہ ایم آر پی چھاپنے کی اجازت کیوں ہے؟ جس سے ریٹیلر کو اپنی مرضی سے کچھ بھی چارج کرنے کا موقع ملتا ہے۔بنچ نے کہا کہ لوگ علاج کے لیے اپنے گھر اور زیورات بیچ دیتے ہیں اور سوال کیا کہ مریضوں کو اس طرح کیسے ٹھگا جاسکتا ہے۔بنچ نے یہ بھی کہا کہ اگر تمام ادویات کو قیمت کے تعین کے دائرے میں لایا جائے، تو ہمیں جینرک ادویات کے نظام کی بھی ضرورت نہیں پڑسکتی۔سب کچھ برابر ہوجائے گا۔'

# چیف الیکشن کمشنر کے خلاف اپوزیشن کے حملے تیز

### ایس آئی آر عمل میں مبینہ دھاندلی کو لے کر گیانیش کمار کی معطلی، گرفتاری اور تحقیقات کا مطالبہ




نئی دہلی: بدھ کے روز اس وقت ایک بڑا سیاسی ہنگامہ برپا ہوگیا جب الیکشن کمیشن کے دو الیکشن کمشنروں نے ووٹر لسٹ کی خصوصی تفصیلی نظرثانی (ایس آئی آر) کے حوالے سے شدید تحفظات کا اظہار کیا۔اپوزیشن نے چیف الیکشن کمشنر گیانیش کمار پر "انفرادی من مانی" کا الزام عائد کیا اور انہیں عہدے سے ہٹانے کا مطالبہ کیا۔حکام نے بتایا کہ الیکشن کمشنرز سکھبیر سنگھ سندھو اور وویک جوشی نے ووٹر فہرستوں کی درستی کے عمل کے دوران مختلف ریاستوں میں ناموں کے اخراج سمیت متعدد مسائل کی نشاندہی کی تھی، تاہم ووٹر فہرستوں کی ملک گیر ایس آئی آر سے متعلق فیصلوں پر انتخابی ادارے کے تمام ارکان متفق تھے۔یہ ردعمل دی انڈین ایکسپریس کی ایک رپورٹ کے بعد سامنے آیا جس میں انکشاف کیا گیا تھا کہ تین رکنی الیکشن کمیشن میں شامل تین میں سے دو الیکشن کمشنروں نے بار بار ایس آئی آر سے متعلقہ امور پر سوالات اٹھائے تھے۔ایس آئی آر کا ملک گیر نفاذ تینوں کمشنروں کی نگرانی میں کیا جارہا ہے۔تاہم، انگریزی اخبار کی رپورٹ کے مطابق، سندھو اور جوشی نے گزشتہ 10 مہینوں میں کم از کم 14 بار (بشمول ایک ہی دن میں چار چار بار) ان فیصلوں اور احکامات پر باضابطہ اعتراض کیا جو مبینہ طور پر ان کی معلومات کے بغیر کیے گئے یا جاری کیے گئے۔

کانگریس رہنما راہل گاندھی نے بدھ کے روز کہا کہ "ووٹ چوری" آئین پر براہِ راست حملہ ہے اور بی جے پی، آر ایس ایس اور الیکشن کمیشن جو اس کے ذمہ دار ادارے ہیں نے غداری کا ارتکاب کیا ہے۔لوک سبھا میں اپوزیشن لیڈر نے اس بات پر زور دیا کہ انصاف ضرور ہوگا۔گاندھی نے کہا، "ووٹ چوری بھارت کے عوام کے خلاف جرم اور ہمارے آئین پر براہِ راست حملہ ہے۔" ایکس پر پوسٹ کرتے ہوئے انہوں نے مزید کہا، "بی جے پی، آر ایس ایس اور الیکشن کمیشن، جنہوں نے یہ حرکت کی ہے، انہوں نے غداری کی ہے۔انصاف ہو کر رہے گا۔"گاندھی نے اپنے ایک پرانے بیان کی ویڈیو بھی شیئر کی جس میں انہوں نے الیکشن کمیشن کے حکام کو خبردار کیا تھا کہ ان کے اقدامات غداری کے زمرے میں آتے ہیں اور انہیں بخشا نہیں جائے گا۔وہیں، کانگریس پارٹی کے شعبہ مواصلات کے انچارج جنرل سکریٹری جے رام رمیش نے ایکس پر اس میڈیا رپورٹ کا اسکرین شاٹ شیئر کیا۔کانگریس کے سینئر لیڈر ابھیشیک منو سنگھوی نے اس ضمن میں ایک پریس کانفرنس کی۔انہوں نے انگریزی اخبار کی رپورٹ کا حوالہ دیتے ہوئے مرکزی حکومت اور الیکشن کمیشن پر ملی بھگت سے انتخابات پر قبضہ کرنے کا الزام لگایا۔انڈین ایکسپریس رپورٹ پر ردعمل ظاہر کرتے ہوئے، سماج وادی پارٹی کے سربراہ اکھلیش یادو نے الیکشن کمیشن کی ساکھ پر سوال اٹھایا۔انہوں نے الزام لگایا کہ ان کی پارٹی کی حمایت کرنے والے ووٹروں کے نام ایک "سوچی سمجھی سازش" کے تحت ووٹر لسٹ سے ہٹا دیے گئے۔لکھنؤ میں ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے یادو نے کہا، "الیکشن کمیشن کا دعویٰ ہے کہ وہ جمہوریت کو مضبوط کرے گا۔جب خود کمیشن کے اندر ہی ایسے واقعات ہوں تو کس پر بھروسہ کیا جاسکتا ہے؟ 10 ماہ کے عرصے میں مختلف عہدیداروں نے 14 بار خطوط لکھے۔ایک سوچی سمجھی سازش کے تحت سماج وادی پارٹی کے ووٹروں کے نام الیکشن کمیشن کی ووٹر لسٹ سے ہٹا دیے گئے۔ہم نے یہ معاملہ کمیشن کے نوٹس میں لایا، اس کے باوجود کسی کے خلاف کوئی کارروائی نہیں کی گئی۔ضمنی انتخابات میں بڑے پیمانے پر دھاندلی ہوئی۔"اتر پردیش میں بھارتیہ جنتا پارٹی کی حکومت پر اپنے حملے کو تیز کرتے ہوئے، سابق وزیراعلیٰ نے حکمران جماعت پر من مانی حکمرانی اور بلڈوزر راج چلانے کا الزام لگایا جو آئینی اقدار کو کمزور کرتا ہے۔

# الیکشن کمیشن کی 14 اعتراضات پر وضاحت

### اختلافِ رائے کو معمول قرار دیا، فارم 6 اور دیگر اہم سوالات پر خاموشی


ELECTION COMMISSION OF INDIA

PRESS NOTE



نئی دہلی۔الیکشن کمیشن آف انڈیا نے اپنے دو ارکان کی جانب سے گزشتہ 10 ماہ کے دوران درج کیے گئے 14 اعتراضات سے متعلق رپورٹ پر وضاحت جاری کرتے ہوئے کہا ہے کہ ادارے میں مختلف آرا، تبصرے اور تکنیکی تجاویز معمول کی فیصلہ سازی کا حصہ ہیں۔کمیشن نے تمام حتمی فیصلے اتفاقِ رائے سے ہونے کا دعویٰ کیا، تاہم ان اعتراضات میں اٹھائے گئے کئی مخصوص سوالات کا براہِ راست جواب نہیں دیا۔یہ وضاحت 'دی انڈین ایکسپریس' کی ایک تحقیق کے بعد سامنے آئی ہے، جس میں بتایا گیا تھا کہ الیکشن کمشنر ایس ایس سندھو اور وویک جوشی نے کمیشن کے مختلف اقدامات پر کم از کم 14 مرتبہ تحریری اعتراضات درج کیے۔رپورٹ کے مطابق یہ اعتراضات ووٹر فہرستوں، نئے ووٹروں کے اندراج، ووٹروں کے نام حذف یا بحال کرنے، انتخابی ڈیٹا تک رسائی اور مغربی بنگال میں اپیلوں سمیت اہم معاملات سے متعلق تھے۔کمیشن نے اپنے بیان میں کہا کہ کسی بھی ادارے میں غور و خوض کے دوران مختلف آرا سامنے آنا فطری ہے اور حتمی فیصلہ ہونے سے پہلے تحریری نوٹس، تبصرے، تکنیکی تجاویز اور داخلی نگرانی کا نظام معمول کی کارروائی کا حصہ ہیں۔کمیشن کے مطابق ارکان کی جانب سے دی گئی تجاویز کا مقصد انتخابی عمل کو مزید بہتر بنانا اور ووٹروں کے حقوق کا تحفظ تھا۔الیکشن کمیشن نے کہا کہ گزشتہ ایک سال کے دوران ایس آئی آر سمیت انتخابی فہرستوں کی نظرثانی، تقریباً 40 نئی پہل اور دیگر انتخابی اصلاحات سے متعلق فیصلے مکمل کمیشن کی رضامندی سے کیے گئے۔کمیشن کا کہنا ہے کہ صرف چند داخلی نوٹس اور تبصروں کو سامنے رکھ کر ادارے کے کام کا جائزہ لینا 'تصویر کا صرف ایک پہلو' پیش کرتا ہے۔تاہم، رپورٹ میں جن مخصوص معاملات پر سوال اٹھائے گئے تھے، کمیشن کے بیان میں ان کی تفصیلی وضاحت نہیں ملتی۔ان میں فارم 6 میں تبدیلی، انتخابی فہرست کے ڈیجیٹل ڈیٹا تک افسران کی رسائی اور مغربی بنگال میں ووٹروں کے خلاف دائر اپیلوں کی منظوری جیسے معاملات شامل ہیں۔رپورٹ کے مطابق مئی میں وویک جوشی نے فارم 6 میں مجوزہ تبدیلی پر اعتراض کرتے ہوئے کہا تھا کہ انتخابی قواعد میں ترمیم کے بغیر فارم میں اس نوعیت کی تبدیلی نہیں کی جاسکتی۔ایس ایس سندھو نے بھی اس رائے سے اتفاق کیا تھا۔بعد میں اگست میں سندھو نے اس تبدیلی کو 'غیر مجاز اور غیر قانونی' قرار دیتے ہوئے اسے فوری طور پر ہٹانے کی بات کہی تھی۔انتخابی ڈیٹا کے معاملے میں بھی دونوں کمشنروں نے خدشات ظاہر کیے تھے۔سندھو نے اگست میں کہا تھا کہ بعض ریاستی انتخابی افسران کو ای آر او نیٹ تک مکمل رسائی حاصل نہیں ہورہی، جبکہ جوشی نے انتخابی ڈیٹا بیس کے ممکنہ مرکزی کنٹرول اور اس کے آڈٹ کی ضرورت پر سوال اٹھایا تھا۔

# خواتین کے لیے سرکاری پناہ گاہ سہارا بنے گی: یوگی آدتیہ ناتھ

### حکومت خواتین کو تحفظ، عزت اور خود کفالت دے رہی



اتر پردیش کے وزیر اعلیٰ یوگی آدتیہ ناتھ نے کہا کہ گھریلو تشدد کی شکار خواتین، گھر سے بچھڑی بیٹی، بہن یا ماں، یا کسی بے سہارا خاتون کے لیے سرکاری خواتین پناہ گاہ سہارا بنے گی۔حکومت ایسے لوگوں کا سہارا بنتی ہے اور انہیں ان کے قانونی سرپرستوں سے ملانے کی کوشش کرتی ہے۔ضروری قانونی تعاون فراہم کرنے کے ساتھ ساتھ حکومت انہیں سماج کے مرکزی دھارے سے جوڑ کر آگے بڑھانے کے لیے بھی کام کرتی ہے۔وزیر اعلیٰ آج ضلع گورکھپور میں خواتین اور پناہ گزین خواتین کو محفوظ اور باوقار ماحول فراہم کرنے کے لیے جدید سہولیات سے آراستہ سرکاری خواتین پناہ گاہ کے افتتاح کے موقع پر خطاب کر رہے تھے۔اس موقع پر انہوں نے 'اتر پردیش وزیر اعلیٰ بال سیوا یوجنا' کے مستحق بچوں میں لیپ ٹاپ بھی تقسیم کیے۔وزیر اعلیٰ نے کہا کہ گورکھپور میں 100 بستروں پر مشتمل خواتین پناہ گاہ تیار ہونے کے بعد کسی وجہ سے گھر چھوڑنے والی بیٹی، گھریلو تشدد کی شکار خاتون یا کسی دیگر بے سہارا خاتون کو اب دربدر نہیں ہونا پڑے گا۔گورکھپور ڈویژن کی یہ خواتین پناہ گاہ ایسی خواتین کے لیے منظم طریقے سے چلائی جائے گی۔نصف آبادی کو عزت اور تحفظ حاصل ہو اور وہ خود کفالت کی راہ پر آگے بڑھتے ہوئے ترقی یافتہ ہندوستان کے تصور کو حقیقت میں بدلنے میں شریک بنے، اس کے لیے وزیر اعظم نریندر مودی کی قیادت میں ڈبل انجن حکومت بغیر رکے، بغیر ڈگمگائے اور بغیر جھکے مسلسل کام کررہی ہے۔وزیر اعلیٰ نے کہا کہ خواتین کی فلاح وبہبود کے شعبے میں حکومت نے بیٹی کی پیدائش سے لے کر اس کی تعلیم، شادی، روزگار، سماجی تحفظ اور زندگی کے مختلف مراحل تک امداد کا انتظام کیا ہے۔بیٹی کی پیدائش پر 'پردھان منتری ماتری وندنا یوجنا' کے ذریعے خاندان کو امداد فراہم کی جاتی ہے۔'مکھیہ منتری کنیا سمنگلا یوجنا' کے تحت بیٹی کی پیدائش سے لے کر گریجویشن تک کی تعلیم کے لیے 25 ہزار روپے کی رقم پر مشتمل پیکیج فراہم کیا جارہا ہے۔بیٹی کے شادی کے قابل ہونے پر 'مکھیہ منتری سموہک ویواہ یوجنا' کے تحت ایک لاکھ روپے کی امداد دی جارہی ہے۔اگر کسی خاتون کے سامنے بے سہارا ہونے کا بحران ہو، کسی کو سہارے کی ضرورت ہو یا بڑھاپے میں کسی کو مالی پریشانی کا سامنا ہو تو اسے بڑھاپا پنشن سمیت دیگر سماجی تحفظ کی اسکیموں سے جوڑا جارہا ہے۔کام کرنے والی خواتین کے لیے ہاسٹل کا انتظام کیا جارہا ہے۔بنیادی تعلیم سے لے کر اعلیٰ تعلیم تک ہر بیٹی، بہن اور خاتون کے لیے سہولیات فراہم کی جارہی ہیں۔بیسک ایجوکیشن کونسل کے اسکولوں میں داخلہ لینے والے بچوں کو دو یونیفارم، بیگ، کتابیں، جوتے، موزے اور سویٹر فراہم کیے جارہے ہیں۔بیٹیوں اور بیٹوں، دونوں کو اس کا فائدہ مل رہا ہے۔ریاست کے ایک کروڑ 60 لاکھ بچوں کو یہ سہولت فراہم کی جارہی ہے۔ایک کروڑ 10 لاکھ خاندانوں کو سالانہ 12 ہزار روپے پنشن کی سہولت کا فائدہ مل رہا ہے۔80 کروڑ لوگوں کو مفت راشن فراہم کیا جارہا ہے۔'پردھان منتری آواس یوجنا' اور 'مکھیہ منتری آواس یوجنا' کے تحت 65 لاکھ لوگوں کو مکانات فراہم کیے گئے ہیں۔ماضی میں کئی مرتبہ ایسا ہوتا تھا کہ جب گرام پنچایت کی زمین پر کوئی غریب اپنا مکان بناتا تھا تو دبنگ لوگ اس پر قبضہ کرلیتے تھے۔مکان تباہ ہونے کی صورت میں اسے دوبارہ تعمیر بھی نہیں کرنے دیتے تھے۔آج حکومت نے یہ یقینی بنایا ہے کہ جہاں غریب کا مکان ہے، وہاں اسے 'گھرونی' ملے اور گھر کی خاتون رکن کے نام پر زمین کا حق درج ہو۔اس سے غریب خاندانوں اور خواتین کو ملکیت اور تحفظ کی بنیاد حاصل ہوئی ہے۔وزیر اعلیٰ نے کہا کہ آج غریب خاندانوں کے پاس رسوئی گیس سلنڈر، بجلی کا کنکشن اور آیوشمان کارڈ جیسی سہولیات دستیاب ہیں۔انہیں فکر کرنے کی ضرورت نہیں ہے، کیونکہ ڈبل انجن حکومت ان کے ساتھ کھڑی ہے۔خواتین پناہ گاہ بھی اسی سماجی تحفظ کے نظام کو مضبوط کرنے کی ایک کوشش ہے۔سال 2017 سے قبل ریاست میں خوف کا ماحول تھا۔شریف اور معزز افراد بھی خود کو غیر محفوظ محسوس کرتے تھے۔والدین اپنی بیٹیوں کی سلامتی کو لے کر فکرمند رہتے تھے۔

# 'یہ غداری ہے، وقت آئے گا، ہم آپ کو پکڑیں گے، بچیں گے نہیں آپ'، الیکشن کمیشن سے متعلق انکشاف پر راہل گاندھی کی تنبیہ



نئی دہلی۔کانگریس کے سابق صدر اور لوک سبھا میں حزب اختلاف کے قائد راہل گاندھی نے انتخابی کمیشن سے متعلق 'انڈین ایکسپریس' کے انکشاف پر اپنا سخت ردعمل ظاہر کیا ہے۔سوشل میڈیا پلیٹ فارم 'ایکس' پر انھوں نے ایک پوسٹ جاری کیا ہے جس میں 'ووٹ چوری' کو ہندوستانی عوام کے خلاف جرم اور آئین پر براہ راست حملہ قرار دیا۔انہوں نے الزام عائد کیا کہ بی جے پی، آر ایس ایس اور انتخابی کمیشن نے مل کر اسے انجام دیا ہے۔تینوں نے ملک سے غداری کا کام کیا ہے۔راہل گاندھی نے اپنی اس سوشل میڈیا پوسٹ میں لکھا ہے کہ "ووٹ چوری ہندوستانی عوام کے خلاف ایک جرم ہے اور ہمارے آئین پر براہ راست حملہ......بی جے پی، آر ایس ایس اور الیکشن کمیشن، جنہوں نے اسے انجام دیا، نے ملک سے غداری کا کام کیا ہے......انصاف ہوگا۔" اس پوسٹ کے ساتھ راہل گاندھی نے ایک ویڈیو بھی شیئر کی ہے، جس میں انہوں نے کہا ہے کہ "میں انتخابی کمیشن اور اس کے افسران سے صاف کہہ رہا ہوں، آپ جو کررہے ہیں وہ غلط کررہے ہیں، یہ غداری ہے...... وقت آئے گا......ہم آپ کو پکڑیں گے......آپ بچ نہیں پائیں گے۔" دوسری طرف کانگریس نے بھی سوشل میڈیا پلیٹ فارم 'ایکس' پر راہل گاندھی کی ایک ویڈیو شیئر کرتے ہوئے لکھا ہے کہ "بی جے پی اور انتخابی کمیشن مل کر ہماری جمہوریت کو تباہ کرنے اور لوگوں کی آواز چھیننے کی سازش کر رہے ہیں۔سب سے بڑا غداری کا کام ووٹ چوری ہے۔" کانگریس نے الزام عائد کیا ہے کہ مودی کے چہیتے گیانیش کمار انتخابی کمیشن میں اپنی منمانی چلارہے ہیں۔

# الیکشن کمیشن کے اندرونی اختلافات پر کھڑگے کے سوالات، چیف الیکشن کمشنر پر لگایا نشانہ



نئی دہلی: کانگریس صدر ملکارجن کھڑگے نے الیکشن کمیشن کے کام کاج اور چیف الیکشن کمشنر گیانیش کمار کے کردار پر سوالات اٹھاتے ہوئے راجیہ سبھا کے چیئرمین سے مطالبہ کیا ہے کہ چیف الیکشن کمشنر کو عہدے سے ہٹانے سے متعلق اپوزیشن کی زیرالتوا تحریک پر فیصلہ کیا جائے۔کھڑگے نے یہ بات بدھ کو سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر جاری ایک پوسٹ میں کہی۔کھڑگے نے کہا کہ کانگریس اور کئی اپوزیشن جماعتیں گزشتہ کئی برسوں سے ملک میں ہونے والے انتخابات کی غیر جانب داری پر سوال اٹھاتی رہی ہیں۔ان کے مطابق اپوزیشن کی جانب سے انتخابی کمیشن کے کردار پر سوالات اٹھائے گئے تو انہیں نظرانداز کیا گیا اور کمیشن تک رسائی بھی محدود رہی۔کانگریس صدر نے ایک میڈیا رپورٹ کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ الیکشن کمیشن کے تین ارکان میں سے دو، الیکشن کمشنر سکھبیر سنگھ سندھو اور وویک جوشی، نے گزشتہ 10 ماہ کے دوران کم از کم 14 مرتبہ کمیشن کے بعض فیصلوں اور اقدامات پر تحریری اعتراضات درج کیے۔رپورٹ کے مطابق ان اعتراضات میں ووٹر رجسٹریشن، ناموں کے اخراج، فارم 6 میں تبدیلی، انتخابی ڈیٹا بیس کی مرکزیت اور ووٹر فہرستوں سے متعلق دیگر امور شامل تھے۔کھڑگے نے دعویٰ کیا کہ ان اعتراضات میں فارم 6 کے مبینہ غلط استعمال، سافٹ ویئر اور انتخابی ڈیٹا کے انتظام سے متعلق خدشات بھی شامل تھے۔انہوں نے سوال اٹھایا کہ چیف الیکشن کمشنر گیانیش کمار نے ان اعتراضات پر کیا کارروائی کی۔تاہم الیکشن کمیشن نے اندرونی اختلافات کی خبروں کو مسترد کرتے ہوئے کہا ہے کہ کمیشن کے ارکان کی جانب سے ابتدائی مراحل میں سوالات، تجاویز یا مختلف آرا پیش کرنا معمول کے انتظامی عمل کا حصہ ہے۔کمیشن کے مطابق ایس آئی آر سمیت تمام حتمی فیصلے تینوں کمشنروں کی منظوری سے متفقہ طور پر کیے

# مایاوتی نے ایشان آنند کو نیشنل کوآرڈی نیٹر مقرر کیا

### قومی کنوینر کی ذمہ داری پوری لگن سے نبھاوں گا: ایشان آنند



لکھنؤ، 23 ستمبر (یو این آئی) بہوجن سماج پارٹی (بی ایس پی) کے اندر تنظیمی تبدیلیوں کے درمیان پارٹی سربراہ مایاوتی نے اپنے چھوٹے بھتیجے ایشان آنند کو اہم کردار سونپنے کا فیصلہ کیا ہے۔ذرائع کے مطابق ایشان آنند کو بی ایس پی کا نیشنل کوآرڈی نیٹر مقرر کیا گیا ہے۔مایاوتی نے بی ایس پی کی میٹنگ میں ایشان آنند کو آشیرواد دیا۔آکاش آنند کے بعد ایشان آنند کو بلند کرنے کے اس اقدام کو پارٹی کے اندر قیادت اور تنظیمی ذمہ داریوں میں تبدیلی کے طور پر دیکھا جارہا ہے۔بی ایس پی کے اندر یہ ترقی ایسے وقت میں ہوئی ہے جب پارٹی آنے والے سیاسی چیلنجوں کے لیے تیاری کررہی ہے اور اپنی تنظیم کو مضبوط کررہی ہے۔ایشان آنند کی قومی سطح پر تقرری کی خبر نے پارٹی کے تنظیمی ڈھانچے میں ان کے کردار کے بارے میں بحث چھیڑ دی ہے۔

☆قومی کنوینر بنائے جانے کے بعد ایشان آنند نے بہوجن سماج پارٹی (بی ایس پی) کی سربراہ مایاوتی کا تہہ دل سے شکریہ ادا کیا۔انہوں نے کہا کہ بہن جی (مایاوتی) نے انہیں پارٹی میں ایک اہم ذمہ داری سونپی ہے، جسے وہ پوری ایمانداری اور لگن کے ساتھ نبھانے کی کوشش کریں گے۔انہوں نے یقین دلایا کہ وہ محترمہ مایاوتی کی رہنمائی میں پارٹی اور بہوجن تحریک کو آگے بڑھانے کے لیے کام کریں گے۔

# اودھ نامہ

## آئین کی بالادستی اور جمہوری اقدار کا تحفظ

سپریم کورٹ کی جانب سے 'وندے ماترم' سے متعلق سماعت کے دوران مذہبی عقیدے یا ضمیر کی بنیاد پر مذکورہ گیت نہ پڑھنے والے شخص کے خلاف تعزیری کارروائی نہ کیے جانے سے متعلق موقف کا مذہبی حلقوں میں استقبال کیا جارہا ہے، اور اسے جمہوری قدروں کو مضبوط کرنے والا قدم بتایا جارہا ہے۔ اس حوالے سے حکیم اجمل خان فورم فار پیس اینڈ کمیونل ہارمنی کے قومی صدر تیج لال بھارتی اور جنرل سکریٹری ڈاکٹر سیّد احمد خاں نے مشترکہ طور پر خیر مقدم کیا۔ حکیم اجمل خان فورم فار پیس اینڈ کمیونل ہارمنی کے قومی صدر تیج لال بھارتی نے سپریم کورٹ کے مؤقف کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا کہ پارلیمنٹ میں ایسا کوئی قانون نہیں بننا چاہیے جو آئین کے منافی ہو۔ انہوں نے کہا کہ ہندوستانی آئین نے ہر شہری، ہر ذات و برادری اور ہر مذہب سے تعلق رکھنے والے شخص کو عزت و احترام اور مساوی حقوق عطا کیے ہیں۔ کہا جارہا ہے کہ جمہوریت کا مطلب صرف یہ نہیں ہے کہ پارلیمنٹ یا اسمبلی میں اکثریت کی بنیاد پر کوئی بھی قانون بنا کر اسے عوام پر مسلط کر دیا جائے بلا لحاظ دیگر تھوپ دیا جائے۔ کواہ وہ ملک کے آئین کی روح کے منافی ہی کیوں نہ ہو۔ ظاہر ہے کہ جس پارٹی کی بھی حکومت ہو وہ کوئی بھی قانون بھی پاس کرسکتی ہے کیونکہ اس کے پاس اکثریت ہوتی ہے، اور جمہوریت مین اکثریت ہی سب کچھ ہے۔ کسی شعر کا شعر بھی ہے

جمہوریت اک طرز حکومت ہے کہ جس میں
بندوں کو گنا کرتے ہین تولا انہیں کرتے

یعنی جمہوریت میں گنتی ہی سب کچھ ہے یہی وجہ ہے کہ ماضی قریب مین ایسے کئی قانون پاس کرائے گئے جو ایک قوم اور مذہب کے حق میں نہیں تھے اور بسا اوقات انھیں مذہب کی روح کے منافی بھی بتایا گیا لیکن قانون بنالیا گیا۔ کہ سدن کو قانون بنانے کا اختیار ہے۔ بلکہ قانانو بنانے کا اختیار اسی کے پاس ہے اس لئے وہ کوئی بھی قانون بنا سکتا ہے اور پھر روایت کی ظاہری پاسداری کرتے ہوئے اس پر سدن می ن بحث کا ڈھکوسلا بھی کیا جاتا ہے لیکن کون سنتا ہے کہ کس نے کیا کہا اور کس کی باتوں میں کتنا وزن ہے، کس کی بانوں میں منطقی سوالات اٹھائے گئے ہیں اور کون کتنی معروضیت سے اپنے دلائل دے رہا ہے، بس طے ہو گیا کہ یہ پاس ہونا ہے تو ہونا ہے ارکین پارلیمنٹ آنکھ بند کر کے اپنی پارٹی کے مسدوہ قانون پر مہر لگا دیتے ہیں، ایسا ہی ایک قانون پاس کرایا گیا وندے ماترم کے تعلق سے، کہ جس کا نہ پرھنا جرم کے زمرہ مین رکھا گیا اور یہاں تک کہا گیا کہ اس کی مخالفت کرنے والا ملک کا غدر اہے۔ اچھا یہ ملک کا غدار ہونا بھی ادھر بہت آسان کر دیا گیا ہے۔ جو آپ کی نہ مانے یا آپ کی تائید نہ کرے یا جو اعتراض کر دے یا کوئی سوال پوچھ لے تو وہ غدار کہلایا جاتا ہے، کسی نے آپ کی کسی فیصلہ کو لے کر مانگ کی جب نہیں مانی گئ تو احتجاج کیا گیا۔ بس فوراً ایک طبقہ اسے غدار ثابت کرنے پر تلا جاتا ہے۔ دوسری طرف عدالتین بھی کچھ خاص ریلیف نہیں دے پاتیں ان کی بھی کبھی مجبوری آن پڑتی ہے شاید۔ خیر عرض یہ کیا جارہا تھا کہ جمہوری نظام میں آئین کی بالادستی، بنیادی حقوق اور شہری آزادیوں کا تحفظ بھی انتہائی اہم ہے۔ تیج لال بھارتی نے کہا کہ سپریم کورٹ کی جانب سے آئینی حقوق کی طرف توجہ دلانا جمہوری نظام کے لیے اہم ہے۔ ان کے مطابق عدالت کی یہ کارروائی شہریوں کے آئینی حقوق اور ملک کے جمہوری اداروں پر اعتماد کو مضبوط کرنے میں معاون ثابت ہوسکتی ہے۔

سپریم کورٹ نے منگل کو 'وندے ماترم' کے تمام ۶/بند نہ گانے والے ایسے شخص کے خلاف مجرمانہ کارروائی نہ ہونے کی توقع ظاہر کی ہے جس کا انکار مذہبی یا ضمیر کی آزادی کی بنیاد پر ہو۔ چیف جسٹس سوریا کانت، جسٹس جوئے مالیہ باگچی اور جسٹس وی موہنا پر مشتمل بنچ نے کرناٹک موسیقی کے معروف گلوکار ٹی ایم کرشنا کی درخواست پر سماعت کرتے ہوئے مرکز سے ۲/ہفتوں میں جواب طلب کیا۔ سپریم کورٹ نے واضح کیا کہ 'وندے ماترم' کے تمام ۶/بند گانے سے مذہبی یا ضمیر کی بنیاد پر انکار کرنے والے شخص کو مجرمانہ نتائج کا سامنا نہیں کرنا چاہئے۔

ٹی ایم کرشنا کی درخواست میں خاص طور پر 'وندے ماترم' کے آخری ۴/بندوں میں ہندو دیویوں درگا، لکشمی اور سرسوتی کے حوالے موجود ہیں۔ ان بندوں کو لازمی طور پر گانے کا تقاضا مذہبی آزادی اور آزادیٔ ضمیر سے متعلق آئینی حقوق کو متاثر کرسکتا ہے۔ کرشنا نے دعویٰ کیا ہے کہ ۱۹۳۷ء میں کانگریس کی جانب سے قومی اجتماعات میں گیت کے پہلے ۲/بندوں تک محدود رکھنے کا فیصلہ کیا گیا تھا، جس کے پس منظر میں بعد کے بندوں میں موجود مذہبی حوالوں پر اعتراضات بھی شامل تھے۔ سماعت کے دوران سپریم کورٹ نے ۱۹۸۶ء کے بیجو ایمانوئل معاملے کا حوالہ دیا، جس میں عدالت نے ان اسکولی طلبہ کو تحفظ فراہم کیا تھا جو مذہبی اور ضمیر کی بنیاد پر قومی ترانہ نہیں گاتے تھے، تاہم وہ احترام کے ساتھ کھڑے رہتے تھے۔ عدالت نے کہا تھا کہ محض ترانہ نہ گانے کی وجہ سے، جب طلبہ احترام کا مظاہرہ کر رہے ہوں، انہیں سزا نہیں دی جاسکتی۔ موجودہ سماعت میں بنچ نے اسی قانونی اصول کی روشنی میں کہا کہ کسی شخص کو ضمیر یا مذہبی آزادی کے تحت 'وندے ماترم' کے تمام یا بعض بند گانے سے انکار پر فوجداری نتائج کا سامنا نہیں کرنا چاہئے۔ سپریم کورٹ کی جانب سے شہری آزادی اور آئینی حقوق کے حوالے سے سامنے آنے والا موقف ایسے وقت میں اہم ہے کہ جب ملک میں آئین کی بالادستی اور جمہوری اقدار کے تحفظ پر بحث جاری ہے۔

# ایس آئی آر کی منشا اور سوال

ڈاکٹر مظفر حسین غزالی



جمہوریت کی اصل طاقت صرف انتخابات کے انعقاد میں نہیں بلکہ اس بنیادی اصول میں پوشیدہ ہے کہ ہر بالغ شہری کا ووٹ برابر ہے۔ اسی لیے انتخابی فہرست محض ناموں کی ایک سرکاری فہرست نہیں بلکہ شہری کے جمہوری وجود کا دستاویز ہے۔ اگر کسی اہل شہری کا نام ووٹر لسٹ سے حذف ہوجاتا ہے تو مسئلہ صرف ایک نام کے حذف ہونے کا نہیں رہتا، بلکہ اس شہری کے آئینی حقِ رائے دہی کے عملی استعمال کا سوال پیدا ہوجاتا ہے۔ اسی پس منظر میں الیکشن کمیشن آف انڈیا کی طرف سے شروع کی گئی Special Intensive Revision (SIR) غیر معمولی اہمیت اختیار کرچکی ہے۔ الیکشن کمیشن کا سرکاری مؤقف ہے کہ SIR کا مقصد انتخابی فہرستوں کو درست کرنا، مردہ، مستقل طور پر منتقل ہوچکے، ڈپلیکیٹ یا نااہل ووٹروں کے نام نکالنا اور اہل شہریوں کو فہرست میں شامل کرنا ہے۔ بہار میں کمیشن نے ایس آئی آر کا مقصد یہی بتایا تھا۔

سوال یہ ہے کہ اس عظیم الشان انتخابی صفائی کے عمل میں انتظامی غلطیوں کا حجم اتنا بڑا کیوں ہوگیا کہ خود حقِ رائے دہی خطرے میں پڑنے لگی ہے؟ اور کیا اس کے سیاسی اثرات محض اتفاقی ہیں یا ان کے پیچھے کوئی وسیع تر حکومتی یا سیاسی منشا ہے؟ یہ سوال اس لیے بڑا ہے کہ اعداد و شمار معمولی نہیں۔ ایس آئی آر کا پہلا بڑا تجربہ بہار میں ہوا۔ 24 جون 2025 کو بہار کی ووٹر فہرست میں تقریباً 7.89 کروڑ ووٹر تھے۔ یکم اگست کو جاری ہونے والی ڈرافٹ فہرست میں یہ تعداد گھٹ کر تقریباً 7.24 کروڑ رہ گئی، یعنی تقریباً 65 لاکھ نام ڈرافٹ مرحلے میں باہر ہوگئے۔ دعوؤں اور اعتراضات کے عمل کے بعد مزید 3.66 لاکھ نام حذف کیے گئے، جبکہ 21.53 لاکھ نئے اہل ووٹر شامل ہوئے۔ 30 ستمبر 2025 کی حتمی فہرست میں ووٹروں کی تعداد تقریباً 7.42 کروڑ رہی۔

کمیشن کے مطابق ابتدائی مرحلے میں تقریباً 20 لاکھ مردہ، 28 لاکھ مستقل طور پر منتقل اور 7 لاکھ ایسے ووٹر ملے جو ایک سے زیادہ مقامات پر درج تھے۔ الیکشن کمیشن کا موقف اپنی جگہ لیکن سوال یہ ہے کہ کیا ایسے ناموں کی نشاندہی کے دوران زندہ، موجود اور اہل شہری بھی غلطی سے شک کے دائرے میں آگئے؟ کیونکہ بڑی تعداد میں وہ لوگ سامنے آئے تھے، جن کے نام مردہ یا مستقل طور پر منتقل ہوچکے بتا کر کاٹ دیا گیا تھا۔

27 اکتوبر 2025 سے SIR کا دوسرا مرحلہ 9 ریاستوں اور 3 مرکز کے زیر انتظام علاقوں میں شروع کیا گیا، جس میں تقریباً 51 کروڑ ووٹر شامل تھے۔ سرکاری سطح پر اسے انتخابی فہرستوں کی جامع صفائی کا عمل قرار دیا گیا۔ اپریل 2026 تک ان 12 ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں کی مشترکہ انتخابی فہرست میں تقریباً 5.18 کروڑ کی کمی سامنے آئی، مجموعی ووٹروں کی تعداد تقریباً 50.99 کروڑ سے گھٹ کر 45.81 کروڑ رہ گئی، یعنی تقریباً 10.2 فیصد کم۔ اس دوران تقریباً دو کروڑ نئے نام بھی شامل ہوئے۔

ریاستی انتخابی فہرستوں اور الیکشن کمیشن سے حاصل شدہ اعداد کے مطابق ریاست وار حذف کیے گئے ووٹروں کی صورتِ حال کچھ اس طرح رہی - اترپردیش 2.05 کروڑ، مغربی بنگال 83.86 لاکھ، تمل ناڈو 74 لاکھ، گجرات 68 لاکھ، مدھیہ پردیش 34.25 لاکھ، راجستھان 31 لاکھ، چھتیس گڑھ 25 لاکھ، کیرالا تقریباً 9 لاکھ، گوا تقریباً 1.28 لاکھ، پڈوچیری تقریباً 77 ہزار، انڈمان و نکوبار تقریباً 52 ہزار اور لکشدیپ میں یہ تعداد چند سو ہے۔ حذف شدہ ناموں میں مردہ، منتقل شدہ، ڈپلیکیٹ اور دیگر زمروں کے افراد بھی شامل ہیں۔ اتنی بڑی تعداد میں حذف کیے گئے ناموں سے یہ سوال پیدا ہوتا ہے کہ کیا پہلے فہرستیں ناقص تھیں یا موجودہ ایس آئی آر کا طریقۂ کار غیر معمولی طور پر سخت ہے؟

مغربی بنگال اس بحث کو نئی سطح پر لے گیا۔ SIR کے دوران تقریباً 60.06 لاکھ ووٹر ایسے تھے جن کی اہلیت کی جانچ عدالتی افسران کے ذریعے ہوئی۔ سپریم کورٹ کی مداخلت کے بعد بالآخر تقریباً 27.16 لاکھ نام حذف ہوئے اور تقریباً 32.9 لاکھ نام شامل کیے گئے۔ الیکشن کمیشن کے مطابق 27.16 لاکھ حذف شدہ ووٹروں میں سے 22.21 لاکھ، یعنی تقریباً 82 فیصد، نے دوبارہ شمولیت کے لیے اپیل کی۔ مجموعی طور پر تقریباً 38.31 لاکھ اپیلیں دائر ہوئیں تھیں۔ جن میں سے تازہ اطلاعات کے مطابق صرف تقریباً 1.02 لاکھ اپیلوں کا فیصلہ ہوسکا، جبکہ تقریباً 37.18 لاکھ مقدمات زیر التوا ہیں۔ لیکن تشویش کی بات یہ ہے کہ انتخابات سے قبل صرف 1,607 افراد کے نام ہی دوبارہ شامل ہوسکے۔

ایس آئی آس کے دوران مغربی بنگال میں غیر معمولی عدالتی نگرانی بڑھنے کی یہ دلیل دی گئی کہ مشکوک یا متنازعہ ناموں کی جانچ ضروری ہے، وہیں یہ سوال بھی اٹھا کہ اگر حتمی فیصلہ ووٹنگ کے بعد یا بہت دیر سے آئے تو بعد میں نام بحال ہوجانا ووٹر کے اس حق کو واپس نہیں کرسکتا جو مخصوص انتخاب میں استعمال ہی نہ ہوسکا۔ انتخابی حق کی قیمت صرف ووٹر لسٹ میں نام کا موجود ہونا نہیں، بلکہ مقررہ دن اپنا ووٹ ڈال سکنا ہے۔ اس لیے محض یہ کہنا کہ "بعد میں اپیل کی جاسکتی ہے" اس وقت کافی نہیں جب انتخابی عمل مکمل ہوچکا ہو۔

ایس آئی آر کا عملی بوجھ بڑی حد تک Booth Level Officers (BLOs) پر پڑا۔ بہار میں تقریباً 77,895 BLOs گھر گھر جاکر فارم تقسیم اور وصول کررہے تھے اور مزید ہزاروں افراد کو بھی اس عمل میں شامل کیا گیا۔ اتنے بڑے ملک میں کروڑوں افراد کی گھر گھر تصدیق ایک انتہائی پیچیدہ انتظامی کام ہے۔ سوال یہ ہے کہ کیا BLOs کو مطلوبہ تربیت، وقت، تکنیکی سہولت اور انسانی وسائل فراہم کیے گئے؟

مغربی بنگال میں کام کے دباؤ سے متعلق کئی BLOs کی اموات نے اس سوال کو اور سنگین کردیا۔ نومبر 2025 میں متعدد BLOs کی خودکشیوں کی خبریں سامنے آئیں اور اہلِ خانہ نے SIR کے کام کے دباؤ کو اس کی وجہ قرار دیا۔ ایک واقعے میں اہل خانہ نے بتایا کہ خاتون BLO نے استعفیٰ دینے کی کوشش بھی کی تھی۔ سیاسی بحث میں یہ سوال سب سے زیادہ نمایاں ہے کہ دلت، مسلمان، آدیواسی، غریب، مہاجر مزدور اور بے گھر یا کرائے کے مکان میں رہنے والے افراد کے ووٹ کاٹے گئے۔ مہاجر مزدور اور بے گھر یا لوگوں کے لیے پرانے ریکارڈ سے اپنا تعلق ثابت کرنا بعض اوقات نسبتاً مشکل ہوسکتا ہے۔ سیاسی جماعتوں نے ایس آئی آر میں مذہب اور ذات کی بنیاد پر ووٹ حذف کیے جانے کا الزام لگایا ہے لیکن اس کا قابل تصدیق ڈیٹا دستیاب نہیں ہے۔ الیکشن کمیشن کو قابل اعتماد عوامی اعداد و شمار جاری کر کے اس غلط فہمی کو دور کرنا چاہئے۔

دہلی میں 31 اگست 2026 کو جاری ڈرافٹ فہرست میں پہلے کے تقریباً 1.45 کروڑ ووٹروں کے مقابلے تقریباً 97.53 لاکھ نام رہ گئے، یعنی تقریباً 47.6 لاکھ نام ڈرافٹ مرحلے میں باہر ہوگئے۔ تقریباً 32 لاکھ ووٹروں کو نوٹس بھیجے گئے ہیں۔ یہاں دلچسپ بات یہ ہے کہ SIR کے نوٹس اور "logical discrepancies" کے معیار پر بھی سوال اٹھے ہیں، جس پر سپریم کورٹ نے الیکشن کمیشن سے وضاحت طلب کی ہے۔ اس پس منظر میں "VIP voter" جیسے سرکاری اظہار نے بھی ایک الگ بحث پیدا کردی ہے۔ آئینی اصول یہ ہے کہ انتخابی حق میں شہریوں کے درمیان حیثیت، دولت یا عہدے کی بنیاد پر فرق نہیں ہونا چاہیے۔ اگر کسی اعلیٰ عہدے دار کے معاملے کو فوری طور پر درست کیا جاتا ہے تو عام شہری کے معاملے میں بھی وہی رفتار اور سہولت ہونی چاہیے۔

سوال پیدا ہوتا ہے کہ حکومت کی آخر منشا کیا ہے۔ دستیاب سرکاری ریکارڈ سے اس سوال کا قطعی "ہاں" میں جواب دینا ممکن نہیں۔ الیکشن کمیشن SIR کو انتخابی فہرستوں کی صفائی، مردہ، منتقل شدہ اور ڈپلیکیٹ ناموں کے خاتمے اور اہل ووٹروں کی شمولیت کا انتظامی عمل قرار دیتا ہے۔ لیکن جمہوریت میں صرف منشا نہیں بلکہ نتیجہ اور طریقۂ کار بھی اہم ہوتے ہیں۔ اگر ایک عمل میں کروڑوں نام حذف ہوں، لاکھوں لوگ دوبارہ اپیل کرنے پر مجبور ہوں، BLOs پر غیر معمولی دباؤ کی شکایات سامنے آئیں، اور عدالتوں کو بڑی تعداد میں مقدمات کی نگرانی کرنا پڑے، تو حکومت اور الیکشن کمیشن دونوں سے یہ سوال پوچھنا جمہوری حق ہے کہ کیا SIR واقعی ووٹر لسٹ کو زیادہ درست کر رہا ہے، یا اس کا طریقۂ کار اہل ووٹر کے لیے حقِ رائے دہی استعمال کرنا زیادہ مشکل بنا رہا ہے؟

اس سوال کا جواب سیاسی نعروں سے نہیں بلکہ شفاف اعداد و شمار، آزاد آڈٹ، ریاست وار تفصیلی تجزیے، حذف شدہ ناموں کی تصدیق، اپیلوں کے نتائج اور BLOs کے کام کا آزادانہ جائزہ لینے سے ملے گا۔ مردہ شخص کا نام ووٹر لسٹ میں نہ ہو، لیکن زندہ شہری کا نام بھی انتظامی غلطی سے حذف نہیں ہونا چاہیے۔ ڈپلیکیٹ ووٹر کا خاتمہ ضروری ہے، لیکن ایک حقیقی ووٹر کا حق اسے ڈپلیکیٹ سمجھ کر ختم کرنا اس سے کہیں بڑا مسئلہ ہے۔ سوال یہ نہیں کہ کتنے ووٹ کاٹے گئے اصل سوال یہ ہے کہ کتنے اہل شہریوں کے ووٹ محفوظ رہے، کتنے غلطی سے متاثر ہوئے، کتنے واپس شامل ہوئے اور کتنے شہری انتخاب کے وقت اپنا حق استعمال ہی نہ کرسکے؟

یہی اعداد بتائیں گے کہ SIR محض ووٹر لسٹ کی صفائی تھی یا اس کے طریقۂ کار نے ہندستانی جمہوریت کے سب سے بنیادی اصول یعنی ایک شہری، ایک ووٹ، اور ہر ووٹ کی مساوی قدر کو کس حد تک متاثر کیا۔ اور یہی وہ سوال ہے جس کا جواب حکومت، الیکشن کمیشن اور عدلیہ یعنی تینوں کو عوام کے سامنے دینا ہوگا۔

9810371907

# 'اے آئی' کے عہد میں استاد کی ضرورت کم یا ذمہ داری زیادہ؟

(مولانا) محمد معروف سید نپوری



دنیا جس تیزی سے مصنوعی ذہانت یعنی آرٹیفیشل انٹیلی جنس کے دور میں داخل ہورہی ہے، اس نے زندگی کے تقریباً ہر شعبے کو متاثر کیا ہے۔ تعلیم بھی اس تبدیلی سے الگ نہیں رہ سکتی۔ چند برس پہلے تک طالب علم کسی سوال کا جواب تلاش کرنے کے لیے کتاب، استاد یا کتب خانے کا رخ کرتا تھا، آج ایک سوال اسکرین پر لکھتے ہی مصنوعی ذہانت چند لمحوں میں جواب، خلاصہ، مضمون، ترجمہ اور حتیٰ کہ سوالات کے حل بھی پیش کردیتی ہے۔ ایسے میں ایک فطری سوال پیدا ہوتا ہے کہ اگر مشین اتنا کچھ کرسکتی ہے تو استاد کا کردار کیا رہ جائے گا؟ یہ سوال محض مستقبل کا اندیشہ نہیں رہا بلکہ موجودہ تعلیمی حقیقت کا حصہ بن چکا ہے۔ ہندوستان میں بھی مصنوعی ذہانت کو تعلیم سے جوڑنے کے لیے اقدامات تیز ہوئے ہیں۔ وزارتِ تعلیم نے 2026 میں ہندوستان بودھن مصنوعی ذہانت کانکلیو کا انعقاد کیا اور تعلیم میں ذمہ دارانہ انداز سے مصنوعی ذہانت کے استعمال کو آگے بڑھانے کے لیے "بودھن مصنوعی ذہانت مرکزِ امتیاز" شروع کیا۔ اسی طرح حکومت کے مختلف پروگراموں میں طلبہ اور اساتذہ کے لیے مصنوعی ذہانت سے متعلق تربیت کو شامل کیا گیا ہے۔ یہ صورت حال اس بات کی طرف اشارہ کرتی ہے کہ سوال اب یہ نہیں کہ تعلیم میں مصنوعی ذہانت آئے گی یا نہیں، بلکہ سوال یہ ہے کہ اسے کس طرح استعمال کیا جائے۔ یہی وہ مقام ہے جہاں استاد کی اہمیت کم ہونے کے بجائے اس کی ذمہ داری کی نوعیت تبدیل ہوتی دکھائی دیتی ہے۔

روایتی تعلیمی نظام میں استاد علم کا بنیادی ذریعہ سمجھا جاتا تھا۔ وہ کتاب پڑھاتا، سوال کا جواب دیتا، سبق سمجھاتا اور امتحان کی تیاری کراتا تھا۔ آج معلومات تک رسائی کا دائرہ بہت وسیع ہوچکا ہے۔ طالب علم کے ہاتھ میں موبائل فون ہے اور اس کے سامنے دنیا بھر کا علمی ذخیرہ موجود ہے۔ لیکن معلومات کی فراوانی ہمیشہ علم کی ضمانت نہیں ہوتی۔ درست معلومات کو غلط معلومات سے الگ کرنا، کسی جواب کی صحت جانچنا، دلیل اور دعوے میں فرق سمجھنا اور حاصل شدہ معلومات کو عملی زندگی سے جوڑنا اب بھی ایک بنیادی تعلیمی ضرورت ہے۔ مصنوعی ذہانت ایک سوال کا جواب دے سکتی ہے، مگر یہ فیصلہ طالب علم کو خود کرنا پڑتا ہے کہ جواب درست بھی ہے یا نہیں، وہ ریاضی کا مسئلہ حل کرسکتی ہے، مگر مسئلہ حل کرنے کی صلاحیت اس وقت پیدا ہوگی جب طالب علم اس عمل کو سمجھنے کی کوشش کرے گا۔ یہی وہ فرق ہے جو معلومات اور تعلیم کے درمیان لکیر کھینچتا ہے۔ یونیسکو کی حالیہ تعلیمی بحث بھی اسی پہلو کو نمایاں کرتی ہے۔ ستمبر 2026 میں یونیسکو نے واضح کیا کہ ڈیجیٹل ٹیکنالوجی اور مصنوعی ذہانت طلبہ کے سیکھنے، باہمی تعاون، اظہار اور معاشرتی زندگی تک کو متاثر کررہی ہیں، لیکن ٹیکنالوجی بذاتِ خود تعلیم کے مسائل حل نہیں کرسکتی۔ اس لیے مستقبل کا استاد شاید وہ نہیں ہوگا جو مصنوعی ذہانت سے مقابلہ کرے، بلکہ وہ ہوگا جو اپنے طلبہ کو مصنوعی ذہانت کے درست استعمال کا طریقہ سکھائے۔ استاد طلبہ کو یہ سمجھا سکتا ہے کہ مصنوعی ذہانت کو مختصر راستے کے طور پر استعمال کرنا اور اسے سیکھنے کے معاون کے طور پر استعمال کرنا دو الگ چیزیں ہیں۔ اگر طالب علم ہر سوال کا جواب خود سوچنے کے بجائے مشین سے حاصل کرنے لگے تو اس کی فکری صلاحیت متاثر ہوسکتی ہے۔ دوسری طرف اگر وہ مصنوعی ذہانت سے مختلف نقطۂ نظر حاصل کرے، سوالات پیدا کرے، جواب کی جانچ کرے اور پھر اپنی سمجھ کے مطابق نتیجہ اخذ کرے تو یہی ٹیکنالوجی سیکھنے کا ایک مؤثر ذریعہ بن سکتی ہے۔

یہی وجہ ہے کہ اساتذہ کی تربیت بھی اہم ہوگئی ہے۔ یونیسکو نے اساتذہ کے لیے مصنوعی ذہانت کی اہلیت کے خاکے میں انسانی مرکزیت، اخلاقیات، مصنوعی ذہانت کی بنیادی سمجھ، تدریسی استعمال اور پیشہ ورانہ تربیت کو اہم صلاحیتوں کے طور پر بیان کیا ہے۔ ہندوستان میں بھی "اے آئی فار ایجوکیٹرز" جیسے پروگرام شروع کیے گئے ہیں تاکہ اساتذہ مصنوعی ذہانت کو تدریس، طلبہ کی مشغولیت اور تعلیمی منصوبہ بندی میں استعمال کرنا سیکھ سکیں۔ لیکن یہاں ایک اور اہم سوال ہے۔ کیا ہر چیز کو مصنوعی ذہانت کے حوالے کردینا تعلیم کی ترقی ہے؟ شاید نہیں۔ تعلیم صرف معلومات منتقل کرنے کا نام نہیں۔ ایک اچھا استاد اپنے طالب علم کے چہرے سے اس کی الجھن محسوس کرلیتا ہے، اس کی خاموشی سے پریشانی سمجھ لیتا ہے اور کبھی ایک جملے، کبھی ایک مثال اور کبھی صرف حوصلہ افزائی سے اس کے اندر سیکھنے کا جذبہ پیدا کردیتا ہے۔ انسانی تعلق، اخلاقی تربیت، کردار سازی اور اجتماعی زندگی کی سمجھ وہ پہلو ہیں جنہیں کسی سافٹ ویئر کی کارکردگی سے صرف نہیں کیا جاسکتا۔ ضرورت اس بات کی بھی ہے کہ استاد خود مسلسل سیکھنے کی عادت اختیار کرے۔ جس استاد نے یہ سمجھ لیا کہ اس کی تعلیم مکمل ہوچکی ہے، وہ بدلتی ہوئی دنیا میں اپنے طلبہ سے پیچھے رہ سکتا ہے۔ اب کتاب کے ساتھ ڈیجیٹل ذرائع، مصنوعی ذہانت کے بنیادی اصول، معلومات کی تصدیق، آن لائن تحفظ اور نئی تدریسی تکنیکوں سے واقفیت بھی استاد کی پیشہ ورانہ ضرورت بنتی جارہی ہے۔

دوسری طرف والدین اور طلبہ کی ذمہ داری بھی بڑھ گئی ہے۔ گھر میں موبائل اور انٹرنیٹ کی موجودگی کو مکمل ازادی میں تبدیل کردینا تعلیم نہیں۔ بچوں کو یہ سکھانا ضروری ہے کہ ٹیکنالوجی ان کے ہاتھ میں ایک ذریعہ ہے، ان کی سوچ کا متبادل نہیں۔ اگر بچہ ہر مضمون، ہر جواب اور ہر تحریر کے لیے مصنوعی ذہانت پر انحصار کرنے لگے تو ممکن ہے کہ اس کے پاس معلومات بہت ہوں، لیکن اپنی بات کہنے، سوال کرنے اور دلیل قائم کرنے کی صلاحیت کمزور پڑ جائے۔ تعلیمی اداروں کے سامنے بھی ایک نیا چیلنج ہے۔ صرف یہ کہنا کافی نہیں ہوگا کہ طلبہ مصنوعی ذہانت استعمال نہ کریں۔ اس کے بجائے امتحانات اور اسائنمنٹ کے طریقۂ کار پر بھی غور کرنا ہوگا۔ ایسے سوالات اور سرگرمیاں زیادہ اہم ہوں گی جن میں طالب علم صرف تیار شدہ جواب نقل نہ کرسکے بلکہ اپنی فہم، مشاہدے، تجربے اور دلیل کو سامنے لائے۔ ہندوستان کے تعلیمی مباحث میں بھی مصنوعی ذہانت کے ذریعے ذاتی نوعیت کی تعلیم، اساتذہ کی تربیت اور طلبہ کی حقیقی مسائل حل کرنے کی صلاحیت پر توجہ دینے کی بات سامنے آئی ہے۔

اصل مسئلہ مصنوعی ذہانت نہیں، اس کا استعمال ہے۔ کتاب بھی علم کا ذریعہ ہے اور غلط کتاب بھی نقصان پہنچا سکتی ہے۔ موبائل بھی تعلیم کا وسیلہ بن سکتا ہے اور وقت ضائع کرنے کا سبب بھی۔ اسی طرح مصنوعی ذہانت بھی استاد کا معاون بن سکتی ہے اور طالب علم کی فکری سستی کا سبب بھی۔ فیصلہ اس بات سے ہوگا کہ ہم اسے کس مقصد کے لیے استعمال کرتے ہیں۔ اس پورے منظرنامے میں استاد کا کردار "جواب دینے والے" سے بڑھ کر "سوال پیدا کرنے والے" کا ہوسکتا ہے۔ وہ طلبہ کو صرف یہ نہ بتائے کہ جواب کیا ہے بلکہ یہ بھی سکھائے کہ سوال کیسے پیدا کیا جاتا ہے، دلیل کیسے قائم کی جاتی ہے، معلومات کی تصدیق کیسے ہوتی ہے اور اختلافِ رائے کو علمی انداز میں کیسے سمجھا جاتا ہے۔ مستقبل کے کلاس روم میں ممکن ہے استاد کے سامنے ایسی مشین موجود ہو جو چند سیکنڈ میں ایک مکمل سبق تیار کردے، لیکن سبق کو طالب علم کی عمر، مزاج، صلاحیت اور ضرورت کے مطابق انسانی انداز میں پیش کرنے کی ذمہ داری پھر بھی استاد ہی کی ہو۔ ممکن ہے مصنوعی ذہانت سیکڑوں سوالات کے جواب دے، لیکن طالب علم کے اندر علم کی طلب پیدا کرنا ایک انسانی عمل رہے۔

اس لیے مصنوعی ذہانت کے عہد میں استاد کی ضرورت ختم ہونے کے بجائے استاد کے منصب کی نوعیت بدل رہی ہے۔ اب استاد محض معلومات کا محافظ نہیں بلکہ معلومات کے سیلاب میں رہنمائی کرنے والا ہے۔ وہ صرف سبق پڑھانے والا نہیں بلکہ سوچنے، پرکھنے، سوال کرنے اور ذمہ داری کے ساتھ ٹیکنالوجی استعمال کرنے کی تربیت دینے والا ہے۔ آنے والے برسوں میں وہ تعلیمی نظام زیادہ مضبوط ہوگا جو ٹیکنالوجی کو انسان کا متبادل بنانے کے بجائے انسان کی صلاحیت بڑھانے کا ذریعہ بنائے۔ مشین رفتار دے سکتی ہے، معلومات فراہم کرسکتی ہے اور کئی کام آسان بنا سکتی ہے؛ مگر تعلیم کا بنیادی مقصد صرف تیز رفتار جواب حاصل کرنا نہیں، بلکہ ایسے انسان تیار کرنا ہے جو صحیح سوال پوچھ سکیں، دلیل سمجھ سکیں، غلطی سے سیکھ سکیں اور اپنے علم کو معاشرے کے فائدے کے لیے استعمال کرسکیں۔ مصنوعی ذہانت کے دور کا سب سے بڑا سوال شاید یہ نہیں کہ "کیا مصنوعی ذہانت استاد کی جگہ لے لے گی؟" بلکہ یہ ہے کہ "کیا ہم استاد کو اس نئے دور کے لیے تیار کرپائیں گے؟" تعلیم کا مستقبل اسی سوال کے جواب سے بڑی حد تک وابستہ ہے۔

رابطہ نمبر: 9648997110

# وطن واپسی کی نہ ختم ہونے والی راہ

کے اے شاجی

کے. مہیندرن بمشکل 11 برس کے رہے ہوں گے، جب ان کا خاندان جنگ زدہ سری لنکا سے جان بچا کر فرار ہوا تھا۔ حملہ آور جب 10 سال سے زیادہ عمر کے لڑکوں کی تلاش میں گھر گھر چھاپے مار رہے تھے، تو وہ اور ان کے بھائی تمل اکثریتی شہر مناّر میں اپنے گھر کی چھت اور فالس سیلنگ کے درمیان چھپ کر سانس روکے بیٹھے رہے۔ خاندان کسی طرح ساحلی ماہی گیروں کے گاؤں پیسالی پہنچا، جہاں انہوں نے 22 جولائی 1990 کو آبنائے پالک کو پار کرنے سے پہلے دہشت کے 15 دن گزارے۔ دھنش کوڈی کے ساحل پر والد اپنے بچوں کو کمر تک گہرے پانی سے گزار کر محفوظ کنارے تک لے آئے تھے۔ 36 سال بعد 47 سالہ مہیندرن جنوبی تمل ناڈو کے پدوکوٹی میں رہتے ہیں۔ ہندوستان آنے کے 7 سال بعد ہی ان کے والد کا سایہ سر سے اٹھ گیا۔ مہیندرن نے چنئی کے لوئیولا کالج سے تعلیم حاصل کی اور اب قسطوں پر فرنیچر فروخت کرتے ہیں۔ آج بھی جب کوئی ان سے ان کا 'اصل وطن' پوچھتا ہے تو ان کی زبان پر 'سیلون' آتا ہے۔ لیکن ان کی دونوں اولادیں بلا جھجک اپنا وطن تمل ناڈو بتاتی ہیں۔

یہی باریک فرق ہندوستان میں موجود تقریباً 90,000 سری لنکائی تمل پناہ گزینوں کے گہرے اندرونی تضاد اور تذبذب کو بیان کرتا ہے۔ اگست 2026 میں سری لنکا کی حکومت نے ان کی وطن واپسی کی ایک بڑی قانونی رکاوٹ ضرور دور کردی ہے۔ سری لنکائی کابینہ نے خانہ جنگی کے دور میں بغیر قانونی پاسپورٹ یا غیر مجاز راستوں سے جان بچا کر فرار ہونے والے پناہ گزینوں کے لیے خصوصی رعایتوں کو منظوری دی ہے۔ اب جن کی سری لنکائی شناخت کی تصدیق ہوجائے گی، وہ سیکورٹی کلیئرنس کے بعد مجاز بندرگاہوں اور ہوائی اڈوں کے ذریعے بغیر کسی قانونی مقدمے کے واپس آسکیں گے، ان پر 'غیر قانونی' راستوں سے ملک چھوڑنے کا مقدمہ نہیں چلایا جائے گا۔ یہ رعایتی انتظام یکم اگست 2006 سے پہلے سے لے کر 19 مئی 2009 کے درمیان ملک چھوڑنے والوں پر نافذ ہوتا ہے۔ یہی وہ تاریخ ہے جب ایل ٹی ٹی ای کے سربراہ ویلوپلئی پربھاکرن کے مارے جانے کے ساتھ خونریز خانہ جنگی ختم ہوئی تھی۔ سری لنکائی حکومت کے نوٹیفکیشن میں واضح کیا گیا ہے کہ سنگین جرائم کے مشتبہ افراد کو بھلے ہی قانونی کارروائی کا سامنا کرنا پڑے، لیکن باقی عام لوگوں کو عارضی پاسپورٹ جاری کیے جائیں گے۔

گزشتہ سال اگست میں ہندوستان سے وطن واپس لوٹنے والے 75 سالہ ایک بزرگ تمل پناہ گزین کو جافنا ہوائی اڈے پر گرفتار کرلیا گیا تھا، جبکہ ان کے خلاف کوئی پرانا مجرمانہ ریکارڈ درج نہیں تھا۔ یہی وجہ ہے کہ بیشتر پناہ گزینوں کے لیے مقدمات کے خوف سے ملی قانونی چھوٹ نے وطن واپسی کے اندر بیٹھے خوف کو کم نہیں کیا ہے۔ تمل ناڈو کے کیمپوں میں 3 دہائی سے زیادہ وقت گزارنے کے بعد بھی انہیں اندیشہ ہے کہ سری لنکا میں ان کا کیا انتظار کررہا ہے۔ رامیشورم کے قریب منڈپم کیمپ میں رہنے والے وی. تھیلنگم پوچھتے ہیں کہ "وہ کیا سوچتے ہیں کہ ہم وہاں جاکر گزر بسر کیسے کریں گے؟"

ہندوستان میں تقریباً 90,000 سری لنکائی تمل پناہ گزین رجسٹرڈ ہیں، اور تقریباً یہ سبھی تمل ناڈو میں ہیں۔ 56,600 پناہ گزین حکومت کے زیر انتظام 105 کیمپوں میں دن گزار رہے ہیں، جبکہ 32,800 افراد کیمپوں سے باہر رہ رہے ہیں۔ یہ ان 3,04,269 لوگوں کا ایک چھوٹا سا حصہ بھر ہے، جو 1983 کے بعد سے سنہالی اکثریتی تشدد کے ذریعے اقلیتی تملوں کو نشانہ بنائے جانے کے بعد پناہ گزین بن کر تمل ناڈو کے ساحلوں پر پہنچے تھے۔ تعداد کا یہ بھاری فرق دہائیوں کی بے دخلی اور بکھراؤ کو ظاہر کرتا ہے۔ ہزاروں پناہ گزین یا تو وطن واپس چلے گئے، کئی کسی دوسرے ملک میں منتقل ہو گئے اور نہ جانے کتنے لوگوں نے یہیں دم توڑ دیا۔ بہت سے لوگ باضابطہ پناہ گزین نظام سے باہر نکل کر مقامی معاشرے میں گھل مل گئے۔ مرکزی حکومت کے اعداد و شمار کے مطابق مارچ 1995 تک 99,469 لوگوں کو باضابطہ طور پر واپس بھیجا گیا تھا، جس کے بعد برسوں تک کوئی منظم بازآبادکاری پروگرام نہیں چلایا گیا۔ جو لوگ یہیں رہے، ان کے لیے ہندوستان محض عارضی پناہ گاہ نہیں رہا۔ یہیں ان کی اولاد ہوئی، ان کی شادیاں ہوئیں اور روزی روٹی کے نئے ذرائع قائم ہوئے۔

اس ملک کا نہ ہو پانا جہاں زندگی کو نئے سرے سے سنوارا، اور اس ملک کا ہونے کا سلیقہ بھول جانا جہاں سے کبھی جان بچا کر فرار ہوئے تھے...... یہ تضاد انتہائی تلخ ہے۔ ہندوستان مستقل قانونی حیثیت دیے بغیر ہی ان کا گھر بن گیا ہے۔ سری لنکا ان کی قومیت طے کرتا ہے، لیکن بہت سے پناہ گزینوں کے لیے اب اس قومیت کا کوئی ٹھوس مطلب نہیں ہے۔ وہ پناہ گزینوں کے تحفظ اور ریاست کی فلاحی اسکیموں کے سہارے ہندوستان میں رہ سکتے ہیں، پڑھ سکتے ہیں اور کام کرسکتے ہیں، لیکن انہیں ایک شہری کے بنیادی قانونی حقوق حاصل نہیں ہیں۔ ان کی پوری زندگی پناہ گزین رجسٹریشن اور انتظامی منظوریوں کی محتاج بن کر رہ گئی ہے۔ دہائیوں کی رہائش بھی انہیں خود بخود ہندوستانی شہریت کا حق دار نہیں بناتی۔ شہریت ایکٹ کے تحت غیر قانونی تارکین وطن مانے جانے والے لوگوں کو رجسٹریشن یا خود بخود شہریت ملنے کے عمل سے عام طور پر محروم رکھا گیا ہے، جب تک کہ کوئی خصوصی قانونی رعایت نہ ہو۔ اس لیے تمل ناڈو کی مٹی میں پیدا ہونے کے باوجود پناہ گزین خاندانوں کی نوجوان اولاد کے سامنے شناخت کا یہ بحران قانونی طور پر حل نہیں ہو پاتا۔

شہریت (ترمیمی) ایکٹ، 2019 نے اس اجنبیت اور علیحدگی کو مزید گہرا کردیا۔ اس قانون نے افغانستان، بنگلہ دیش اور پاکستان سے آنے والے منتخب مظلوم اقلیتی گروہوں کے لیے شہریت کا راستہ تو آسان بنایا، لیکن سری لنکا کے تملوں کو چھوڑ دیا۔ نتیجہ قانونی بھنور۔ ایک تمل پناہ گزین ہندوستان میں اپنی زندگی کے 30 سے 40 قیمتی سال گزار سکتا ہے، روزی کما سکتا ہے، بچوں کو تعلیم دلا سکتا ہے، لیکن کاغذات میں وہ ہمیشہ ایک 'غیر ملکی' ہی رہتا ہے۔ ان کے لیے یہاں رہنے کا مطلب مستقل غیر یقینی ہے، اور وطن واپس جانے کا مطلب ایسے ملک میں جانا ہے جہاں ان کے پرانے گھر، روزگار اور سماجی رشتے ناطے کب کے زمین بوس ہوچکے ہیں۔ کئی لوگوں کے ملکیتی کاغذات گم ہوچکے ہیں، وہ جائیداد کے پرانے تنازعات میں گھرے ہوئے ہیں یا ان کے پاس سر چھپانے کے لیے ایک دھور زمین تک نہیں بچی ہے۔ مہیندرن گہری تشویش میں ڈوب جاتے ہیں۔ وہ سوچتے ہیں کہ 3 دہائی بعد کیا زندگی کو صفر سے شروع کرنا یہاں کی پناہ گزین زندگی سے بھی بدتر نہیں ہوگا؟


زندگی کے سب سے زیادہ پیداواری سال ہندوستان میں گزارنے کے بعد سری لنکا لوٹنا غیر یقینی صورت حال کے ایک نئے چکر کو جنم دے گا، خاص طور پر ان نوجوانوں اور بچوں کے لیے جنہوں نے تمل ناڈو کے سوا کوئی معاشرہ دیکھا ہی نہیں۔ کئی نے ہندوستانی خاندانوں میں شادیاں کی ہیں، کئی کے بچے ہندوستان کے اعلیٰ تعلیمی اداروں میں پڑھ رہے ہیں۔ 2024 میں جہاں 203 پناہ گزین واپس لوٹے تھے، 2025 میں صرف 92 نے واپسی کا راستہ اختیار کیا۔ یہاں رہنے والی وسیع برادری کے سامنے یہ تعداد اونٹ کے منہ میں زیرے کے برابر ہے۔ تمل ناڈو میں پناہ گزینوں کی بازآبادکاری سے متعلق معاملات کی پیروی کرنے والے وکیل منوراج شنمگ سندرم کہتے ہیں کہ "اس کا کوئی ٹھوس ثبوت نہیں کہ تازہ قانونی ترمیم کے بعد سری لنکا واپس جانے کی دوڑ مچ گئی ہے۔ اس کا مطلب یہ نہیں کہ وہ وطن واپس نہیں جانا چاہتے، بلکہ یہ اس بات کا پختہ ثبوت ہے کہ آج وطن واپسی کی راہ پہلے سے کہیں زیادہ پیچیدہ اور خطرناک ہوچکی ہے۔"

خانہ جنگی 2009 میں اگرچہ ختم ہوگئی ہو، لیکن اس کے گہرے نفسیاتی زخم اور خوف آج بھی موجود ہیں۔ واپس لوٹنے والوں کو اپنی شناخت ثابت کرنی ہوگی اور سخت سیکورٹی کے مراحل سے گزرنا ہوگا۔ جن لوگوں نے سرکاری فوجوں اور شدت پسندوں کی بندوقوں کے سائے میں جان بچا کر گھر چھوڑا تھا، ان کے لیے یہ عمل انتہائی بے آرام اور خوفناک ہو سکتا ہے۔ شناخت اور شہریت کے پرانے دستاویزات موجود نہ ہوں۔ کون سے کاغذات قابل قبول ہوں گے؟ اور تب کیا ہوگا جب کاغذات سرے سے موجود ہی نہ ہوں؟ سری لنکا نے یہ تسلیم کر کے ایک ضروری قدم ضرور اٹھایا ہے کہ جنگ کے دوران نقل مکانی کرنے والے مظلوموں کو کئی دہائی بعد قانونی مقدمات میں نہیں گھسیٹا جانا چاہیے۔ لیکن یہ محض پہلا قدم ہے۔ اس کی پوری جوابدہی صرف بے بس پناہ گزینوں کے کاندھوں پر نہیں ڈالی جا سکتی۔ آبادیاتی امور کے ماہر ایس. اریدیا راجن کا کہنا ہے کہ "باعزت وطن واپسی کے لیے زمین اور مکان تک محفوظ رسائی، مضبوط اور شفاف دستاویزی نظام، روزگار اور ذریعہ معاش کے مواقع، نیز تعلیم اور صحت کی خدمات کی ضمانت ضروری ہوگی۔"

مہیندرن آج بھی بند آنکھوں سے 'سیلون' کے خواب دیکھتے ہیں، اگرچہ وہ کھلے دل سے تسلیم کرتے ہیں کہ تمل ناڈو نے ان کی اولاد کو ایک محفوظ زمین اور مستقبل دیا ہے۔ 3 دہائی کی جدوجہد کے بعد قانونی طور پر وطن واپسی اب ایک ٹھوس متبادل ضرور ہے۔ لیکن کیا اس متبادل کا استعمال اس انسانی وقار کے ساتھ کیا جاسکے گا جس کے یہ مظلوم محتاج ہیں؟ اصل اور سب سے بڑا سوال یہی ہے۔

مالک، پبلشر، پرنٹر و ایڈیٹر تقدیس فاطمہ رضوی نے گروپ 5 پبلی کیشن 55 بی۔ وزیر حسن روڈ، لکھنؤ سے چھپوا کر پہلی منزل مسجد نور محل ساکیت پلی نرہی، لکھنؤ سے شائع کیا۔ ریزیڈنٹ ایڈیٹر: ڈاکٹر ہارون رشید
Proprietor, Publisher, Printer and Editor, Taqdees Fatima Rizvi printed at Group 5 Publication, 55B, Wazir Hasan Road, Lucknow, and published from Masjid Noor Mahal, First Floor, Saket Palli Narhi, Lucknow. , Resident Editor: Dr. Haroon Rasheed, avadhnama@gmail.com, Ph:0522-3506829, 9335135181

مضمون و مراسلہ نگار کی آراء سے ادارہ کا متفق ہونا ضروری نہیں




شیخ الاسلام مولانا ڈاکٹر محمد طاہر القادری

اللہ رب العزت نے ارشاد فرمایا: ''تو دونوں نے (وہاں) ہمارے بندوں میں سے ایک (خاص) بندے (خضر علیہ السلام) کو پا لیا جسے ہم نے اپنی بارگاہ سے (خصوصی) رحمت عطا کی تھی اور ہم نے اسے علمِ لدنی (یعنی اَسرار و معارف کا اِلہامی علم) سکھایا تھا۔'' (الکہف: ۱۸)

جملہ اولیاء کرام بشمول حضور غوث الاعظم کا تذکرہ کرتے ہوئے عموماً ہمارے زیرِ نظر اُن کی کرامات ہوتی ہیں اور ہم ان کرامات سے ہی کسی ولی کے مقام و مرتبہ کا اندازہ لگانے کی کوشش کرتے ہیں۔ اس ضمن میں صحیح اور درست اسلوب یہ ہے کہ ہم صرف اولیاء کاملین کی کرامات تک ہی اپنی نظر کو محدود نہ رکھیں بلکہ اُن کی حیات کے دیگر پہلوؤں کا بھی مطالعہ کریں کہ اُن کا علمی، فکری، معاشرتی، سیاسی اور عوام الناس کی خیر و بھلائی کے ضمن میں کیا کردار ہے؟ حضور غوث الاعظم کی شخصیت مبارکہ ہمہ جہتی اوصاف کی حامل ہے۔ ان جہات میں سے کرامات صرف ایک جہت ہے۔ آج ضرورت اس امر کی ہے کہ ہم حضور غوث پاک کی تعلیمات کی طرف بھی متوجہ ہوں۔ ہمیں یہ معلوم ہونا چاہئے کہ جن کے ہم نام لیوا ہیں اور پوری دنیا جنہیں غوث الاعظم دستگیر اور پیران پیر کے نام سے یاد کرتی ہے، ان کی تعلیمات کیا ہیں اور ان کے ہاں تصوف، روحانیت اور ولایت کیا ہے؟

ولایت، کرامت نہیں بلکہ استقامت کا نام ہے۔ حضور غوث پاک نے خود فرمایا اور جمیع اولیاء کا اس پر اتفاق ہے کہ اللہ رب العزت اپنے اولیاء و صوفیاء کو فرماتا ہے کہ مجھے کرامتوں کی ضرورت نہیں بلکہ کرامت تو تمہارے نفس کی طلب ہے۔ کرامتوں میں نفس مشغول ہوتا ہے، مزہ لیتا ہے، واہ واہ کرتا ہے۔ اللہ کی طلب تو استقامت ہے۔ اسی لئے اولیاء اللہ نے فرمایا: ''اِستقامت کا درجہ کرامت سے اونچا ہے''۔ ولایت، کرامت کو نہیں کہتے بلکہ ولایت، استقامت کو کہتے ہیں۔ جب کرامت کا بیان ہوتا ہے تو یہ اولیائے کرام کی شان کا ایک گوشہ ہے، جس سے ان کی کسی ایک شان کا اظہار ہوتا ہے۔ ان کے اصل مقام کا پتہ استقامت سے چلتا ہے۔ کتاب و سنت کی متابعت اور استقامت ہی سے ولایت کا دروازہ کھلتا اور اس میں عروج و کمال نصیب بنتا ہے۔

### حضور غوث الاعظم، آئمہ محدثین و فقہاء کی نظر میں

حضور غوث الاعظم رضی اللہ عنہ کے مقام و مرتبہ کا ایک عظیم اظہار ''علم'' کے باب میں بھی ہمیں نظر آتا ہے۔ علمِ شریعت کے باب میں ان سے متعلقہ بہت سے اقوال صوفیاء و اولیاء کی کتابوں میں ہیں اور ہم لوگ بیان کرتے رہتے ہیں مگر اس موقع پر میں سیدنا غوث الاعظمؓ کا مقامِ علم صرف آئمہ محدثین اور فقہاء کی زبان سے بیان کروں گا کہ آئمہ علم حدیث و فقہ نے ان کے بارے کیا فرمایا ہے، تاکہ کوئی رد نہ کر سکے۔ اس سے یہ امر واضح ہو جائے گا کہ کیا صرف عقیدت مندوں نے ہی آپؓ کا یہ مقام بنا رکھا ہے یا جلیل القدر آئمہ علم، آئمہ تفسیر، آئمہ حدیث نے بھی ان کے حوالے سے یہ سب بیان کیا ہے؟ یہ بات ذہن نشین رہے کہ حضور غوث الاعظمؓ نہ صرف ولایت میں غوث الاعظم تھے بلکہ آپؓ علم میں بھی غوث الاعظم تھے۔ آپ جلیل القدر مفسر اور امامِ فقہ بھی تھے۔ اپنے دور کے جلیل القدر آئمہ آپؓ کے تلامذہ تھے جنہوں نے آپؓ سے علم الحدیث، علم التفسیر، علم العقیدہ، علم الفقہ، تصوف، معرفت، فنی علوم، فتویٰ اور دیگر علوم پڑھے۔ آپؓ ہر روز اپنے درس میں تیرہ علوم کا درس دیتے تھے اور ۹۰ سال کی عمر تک یعنی زندگی کے آخری لمحہ تک طلبہ کو پڑھاتے رہے۔ قرآن مجید کی مذکورہ آیتِ مبارکہ (الکہف: ۱۸) میں بیان کردہ علم لدنی کا اظہار آپؓ کی ذات مبارکہ میں بدرجہ اتم نظر آتا ہے۔ بغداد میں موجود آپؓ کا دار العلوم حضرت شیخ حمادؒ کا قائم کردہ تھا، جو انہوں نے آپؓ کو منتقل کیا۔ آپؓ کے اس مدرسہ سے ہر سال ۳۰۰۰ طلبہ جید عالم اور محدث بن کر فارغ التحصیل ہوتے تھے۔

### سلطان صلاح الدین ایوبی کی فتوحات کا راز

بہت عجیب تر بات جس کا نہایت قلیل لوگوں کو علم ہوگا اور کثیر لوگوں کے علم میں شاید پہلی بار آئے کہ سلطان صلاح الدین ایوبی نے جب القدس فتح کیا تو جس لشکر (Army) کے ذریعے بیت المقدس فتح کیا، اس آرمی میں شامل لوگوں کی بھاری اکثریت حضور غوث الاعظمؓ کے تلامذہ کی تھی۔ گویا آپؓ کے مدرسہ سے فارغ التحصیل ہونے والے طلبہ صرف متجد ہی نہیں تھے بلکہ عظیم مجاہد بھی تھے۔ سلطان صلاح الدین ایوبی کی آدھی سے زائد فوج حضور غوث الاعظم کے عظیم مدرسہ کے طلبہ اور کچھ فیصد لوگ فوج میں وہ تھے جو امام غزالی کے مدرسہ نظامیہ کے فارغ التحصیل طلبہ تھے۔ سلطان صلاح الدین ایوبی کے چیف ایڈوائزر امام ابن قدامہ المقدسی الحنبلی حضور سیدنا غوث الاعظم کے شاگرد اور خلیفہ ہیں۔ آپؓ براہِ راست حضور غوث پاک کے شاگرد، آپؓ کے مرید اور خلیفہ ہیں۔ گویا تاریخ کا یہ سنہرا باب جو سلطان صلاح الدین ایوبی نے رقم کیا وہ سیدنا غوث الاعظمؓ کا فیض تھا۔

امام ابن قدامہ المقدسی ایک واسطہ سے علامہ ابن تیمیہ کے دادا شیخ ہیں۔ علامہ ابن تیمیہ کے عقائد کے بعض معاملات میں بعد میں انتہاء پسندی آ گئی۔ مجموعی طور پر لوگ سمجھتے ہیں کہ وہ منکرِ تصوف تھے، حالانکہ یہ بات غلط ہے۔ ان کے بعض معاملات میں، تشریحات و توضیحات میں انتہاء پسندی تھی، جن سے ہمیں اختلاف ہے مگر مجموعی طور پہ وہ منکرِ تصوف نہیں تھے، وہ تصوف کے قائل تھے، تصوف پر ان کا عقیدہ تھا، اولیاء، صوفیاء کے عقیدت مند تھے اور طریقہ قادریہ میں بیعت تھے۔ علامہ ابن تیمیہ کے شیخ کا نام الشیخ عز الدین عبداللہ بن احمد بن عمر الفاروثی ہے۔ بغداد میں انہوں نے سیدنا شیخ شہاب الدین عمر سہروردی رحمۃ اللہ علیہ سے خلافت کا خرقہ پہنا۔ گویا ایک طریق سے ان کا سلسلۂ طریقت سہروردیہ ہو گیا۔ آپ یہ جان کر حیران ہوں گے کہ علامہ ابن تیمیہ کو ان کی وصیت کے مطابق دمشق میں صوفیاء کیلئے وقف قبرستان مقابر الصوفیہ میں دفنایا گیا۔ اس کو امام ابن کثیر نے ''البدایہ والنہایہ''، امام ابن حجر عسقلانی نے ''الدرر الکاملہ''، امام ذہبی نے ''العبر'' اور کل محدثین جنہوں نے علامہ ابن تیمیہ کے احوال لکھے، تمام نے بلا اختلاف اس کو بیان کیا ہے۔ علامہ ابن تیمیہ کے شیخ، امام ابن قدامہ کے شاگرد تھے اور امام ابن قدامہ، حضور غوث الاعظم کے مرید تھے۔ علامہ ابن تیمیہ سیدنا غوث الاعظمؓ کے عظیم عقیدت مندوں میں سے تھے۔ علامہ ابن تیمیہ کی کتاب الاستقامۃ دو جلدوں پر مشتمل ہے۔ اس کتاب میں اولیاء و صوفیاء میں سے سب سے زیادہ محبت و عقیدت سے جس شخصیت کا نام علامہ ابن تیمیہ نے لیا وہ حضور سیدنا غوث الاعظم ہیں۔ علامہ ابن تیمیہ،

> ۔ولایت، کرامت کو نہیں کہتے بلکہ ولایت، استقامت کو کہتے ہیں۔ جب کرامت کا بیان ہوتا ہے تو یہ اولیائے کرام کی شان کا ایک گوشہ ہے، جس سے ان کی کسی ایک شان کا اظہار ہوتا ہے۔ ان کے اصل مقام کا پتہ استقامت سے چلتا ہے۔ کتاب و سنت کی متابعت اور استقامت ہی سے ولایت کا دروازہ کھلتا اور اس میں عروج و کمال نصیب بنتا ہے۔

غوث الاعظم شیخ عبدالقادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ کا ذکر کرتے ہوئے ان کا نام اس طرح لکھتے ہیں: قطب العارفین ابا محمد بن عبدالقادر بن عبداللہ الجیلی۔ ''قطب العارفین (سارے عارفوں کے اولیاء کے قطب) سیدنا شیخ عبد القادر الجیلانی''۔ یعنی وہ حضور غوث الاعظم کے نام کو اس طرح القاب کے ساتھ ذکر کرتے ہیں جبکہ باقی کسی صوفی اور اولیاء میں سے کسی کا نام اس کے ٹائٹل کے ساتھ بیان نہیں کرتے۔ جس کا بھی ذکر کریں گے تو صرف اس صوفی یا ولی کا نام لکھ کر ان کی کسی بات کو نقل کریں گے۔

امام ابن حجر عسقلانی نے 'مناقب شیخ عبدالقادر جیلانی' میں لکھا ہے کہ ستر ہزار کا مجمع ہوتا، اس زمانے میں (لاؤڈ سپیکر نہیں تھے) جو آواز ستر ہزار کے اجتماع میں پہلی صف کے لوگ سنتے اتنی آواز ستر ہزار کے اجتماع کی آخری صف کے لوگ بھی سنتے۔ اس مجلس میں امام ابن جوزی (صاحبِ صفۃ الصفوہ اور اصول حدیث کے امام) جیسے ہزار ہا محدثین، آئمہ فقہ، متکلم، نحوی، فلسفی، مفسر بیٹھتے اور اکتسابِ فیض کرتے تھے۔ سیدنا غوث الاعظمؓ ایک مجلس میں قرآن مجید کی کسی آیت کی تفسیر فرما رہے تھے۔ امام ابن جوزی بھی اس محفل میں موجود تھے۔ اس آیت کی گیارہ تفاسیر تک تو امام ابن جوزی اثبات میں جواب دیتے رہے کہ مجھے یہ تفاسیر معلوم ہیں۔ حضور غوث الاعظمؓ نے اس آیت کی چالیس تفسیریں الگ الگ بیان کیں۔ امام ابن جوزی گیارہ تفاسیر کے بعد چالیس تفسیروں تک ''نہ'' ہی کہتے رہے یعنی پہلی گیارہ کے سوا باقی انتیس تفسیریں مجھے معلوم نہ تھیں۔ امام ابن جوزی کا شمار صوفیاء میں نہیں ہے بلکہ آپ جلیل القدر محدث ہیں، اسماء الرجال، فن اسانید پر بہت بڑے امام اور اتھارٹی ہیں۔ سیدنا غوث الاعظمؓ چالیس تفسیریں بیان کر چکے تو فرمایا: ''اب ہم قال کو چھوڑ کر حال کی تفسیروں کی طرف آتے ہیں''۔ جب حال کی پہلی تفسیر بیان کی تو پورا مجمع تڑپ اٹھا، چیخ و پکار کی آوازیں بلند ہوئیں۔ امام ابن جوزی بھی تڑپ اٹھے۔ محدث زماں نے اپنے کپڑے پکڑ کر پرزے پرزے کر دیئے اور وجد کے عالم میں تڑپتی ہوئی مچھلی کی طرح تڑپتے ہوئے نیچے گر پڑے۔ یہ امام ابن جوزی کا حال ہے۔

امام یافعی رحمۃ اللہ علیہ: امام یافعی (جن کی کتاب کی امام ابن حجر عسقلانی نے التلخیص الحبیر کے نام سے تلخیص کی) فرماتے ہیں: شرق تا غرب پوری دنیا سے علماء، فقہاء، محدثین، صلحا اور اہل علم کی کثیر جماعت اطراف و اکناف سے چل کر آتی اور آپ کی مجلس میں زندگی بھر رہتے، علم حاصل کرتے۔ حدیث لیتے، سماع کرتے اور دور دراز تک علم کا فیض پہنچتا۔ امام یافعی فرماتے ہیں کہ سیدنا غوث الاعظمؓ کا قبول عام اتنا وسیع تھا اور آپ کی کراماتِ ظاہرہ اتنی تھیں کہ اول سے آخر کسی ولی اللہ کی کرامات اس مقام تک نہیں پہنچیں۔

حافظ ابن کثیر رحمۃ اللہ علیہ: علامہ ابن تیمیہ کے شاگرد، حافظ ابن کثیر اپنی کتاب البدایہ والنہایہ جلد ۱۲ ص ۲۵۲ پر کہتے ہیں کہ حضور غوث اعظم سے خلقِ خدا نے اتنا کثیر نفع پایا جو ذکر سے باہر ہے۔ پھر فرماتے ہیں کہ آپ کے احوال صالحہ تھے اور مکاشفات و کرامات کثیرہ تھیں۔

امام ابن رجب حنبلی رحمۃ اللہ علیہ: امام ابن قدامہ اور ابن رجب حنبلی وہ علماء ہیں جو علامہ ابن تیمیہ اور علامہ ابن القیم کے اساتذہ ہیں اور ان کو سلفی شمار کیا جاتا ہے۔ یہ سلفی نہیں بلکہ غوث پاک کے مرید ہیں۔ لوگوں کے مطالعہ کی کمی ہے جس کی وجہ سے یہ غلط مباحث جنم لیتی ہیں۔

امام ذہبی رحمۃ اللہ علیہ: امام ذہبی (جلیل القدر محدث) سیر اعلام النبلاء میں بیان کرتے ہیں کہ: ''کبائر مشائخ اور اولیاء میں اول تا آخر کوئی شخص ایسا نہیں ہوا جس کی کرامتیں شیخ عبدالقادر جیلانی سے بڑھ کر ہوں''۔

امام العز بن عبدالسلام رحمۃ اللہ علیہ: شافعی مذہب میں امام العز بن عبدالسلام بہت بڑے امام اور اتھارٹی ہیں۔ سعودی عرب میں بھی ان کا نام حجت مانا جاتا ہے۔ یہ وہ نام ہیں جن کو رد کرنے کی کوئی جرأت نہیں کر سکتا۔ امام العز کا قول امام ذہبی نے سیر اعلام النبلاء میں بیان کیا کہ وہ فرماتے ہیں: ''آج تک اولیاء کرام کی پوری صف میں کسی ولی کی کرامتیں تواتر کے ساتھ اتنی منقول نہیں ہوئیں جتنی شیخ عبدالقادر الجیلانی کی ہیں اور اس پر اتفاق ہے''۔

امام یحییٰ بن نجاح الادیب رحمۃ اللہ علیہ: ابو البقا بیان کرتے ہیں کہ میں نے نحو، شعر، بلاغت اور ادب میں اپنے وقت کے امام یحییٰ بن نجاح الادیب سے سنا کہ میں حضرت شیخ عبدالقادر جیلانی کی مجلس میں گیا، ہر کوئی اپنے ذوق کے مطابق جاتا تھا، میں گیا اور میں نے چاہا کہ میں دیکھوں کہ غوث الاعظم اپنی گفتگو میں کتنے شعر سناتے ہیں۔ وہ چونکہ خود ادیب تھے لہٰذا اپنے ذوق کے مطابق انہوں نے اس امر کا ارادہ کیا۔ صاف ظاہر ہے حضور غوث الاعظم اپنے درس کے دوران جو اشعار پڑھتے تھے وہ اپنے بیان کردہ علم کی کسی نہ کسی شق کی تائید میں پڑھتے تھے۔ درس کے دوران اکابر، اجلاء، ادبا اور شعراء کو پڑھنے سے مقصود بطور اتھارٹی ان کو بیان کرنا تھا تاکہ نحو، دین، فقہ، بلاغت، لغت، معانی کا مسئلہ دور جاہلیت کے شعراء کے شعر سے ثابت ہو، یہ بہت بڑا کام ہے۔ امام النحو والادب یحییٰ بن نجاح الادیب بیان کرتے ہیں کہ میں آپ کی مجلس میں گیا اور سوچا کہ آج ان کے بیان کردہ اشعار کو گنتا ہوں۔ کہتے ہیں کہ میں دھاگہ ساتھ لے گیا کہ ہاتھ پر گنتے گنتے بھول جاؤں گا۔ جب آپ ایک شعر پڑھتے تو میں دھاگہ پر ایک گانٹھ دے دیتا تاکہ آخر پر گنتی کر لوں۔ جب آپ اگلا شعر پڑھتے تو پھر دھاگہ پر گانٹھ دے لیتا۔ اس طرح میں آپ کے شعروں پر دھاگہ پر گانٹھ دیتا رہا۔ اپنے کپڑوں کے نیچے میں نے دھاگہ چھپا کر رکھا ہوا تھا۔ جب میں نے دھاگہ پر کافی گانٹھیں دے دیں تو سیدنا غوث اعظمؓ ستر ہزار کے اجتماع میں میری طرف متوجہ ہوئے اور مجھے دیکھ کر فرمایا: ''میں گانٹھیں کھولتا ہوں اور تم گانٹھیں باندھتے ہو''۔ یعنی میں الجھے ہوئے مسائل سلجھا رہا ہوں اور تم گانٹھیں باندھنے کے لیے بیٹھے ہو۔ کہتے ہیں کہ میں نے اسی وقت کھڑے ہو کر توبہ کر لی۔ اندازہ لگائیں یہ آپ رضی اللہ عنہ کی مجلس میں آئمہ کا حال تھا۔

امام ابو محمد خشاب نحوی رحمۃ اللہ علیہ: امام الحافظ عبدالغنی المقدسی بیان کرتے ہیں کہ میں نے اس دور کے بغداد کے نحو کے امام ابو محمد خشاب نحوی سے کہتے ہوئے سنا کہ میں نحو کا امام تھا، غوث اعظم کی بڑی تعریف سنتا تھا مگر کبھی ان کی مجلس میں نہیں گیا تھا۔ یہ نحوی لوگ تھے، اپنے کام میں لگے رہتے تھے۔ کہتے ہیں کہ ایک دن خیال آیا آج جاؤں اور سنوں تو سہی شیخ عبدالقادر جیلانی کیا کہتے ہیں؟ میں گیا اور ان کی مجلس میں بیٹھ کر انہیں سننے لگا۔ میں نحوی تھا، اپنے گھمنڈ میں تھا لہٰذا مجھے ان کا کلام کوئی بہت زیادہ شاندار نہ لگا۔ میں نے دل میں کہا: ''آج کا دن میں نے ضائع کر دیا''۔ بس اتنا خیال دل میں آنا تھا کہ منبر پر دوران خطاب سیدنا غوث الاعظمؓ مجھے مخاطب ہو کر بولے: اے محمد بن خشاب نحوی! تم اپنی نحو کو خدا کے ذکر کی مجلسوں پر ترجیح دیتے ہو۔ یعنی جس سیبویہ (امام النحو، نحو کے موضوع پر ''الکتاب'' کے مصنف) کے پیچھے تم پھرتے ہو، ہم نے وہ سارے گزارے ہوئے ہیں۔ آؤ ہمارے قدموں میں بیٹھو تمہیں نحو بھی سکھا دیں گے۔ امام محمد بن خشاب نحوی کہتے ہیں کہ میں اسی وقت تائب ہو گیا۔ آپؓ کی مجلس میں گیا اور سالہا سال گزارے۔ خدا کی قسم ان کی صحبت اور مجلس سے اکتساب کے بعد نحو میں وہ ملکہ نصیب ہوا جو بڑے بڑے آئمہ نحو کی کتابوں سے نہ مل سکا تھا۔

ان حوالہ جات کو بیان کرنے کا مقصد یہ ہے کہ پتہ چلے کہ آئمہ حدیث و فقہ نے حضور غوث الاعظم کے علمی مقام و مرتبہ کو نہ صرف بیان کیا بلکہ آپؓ کو علم میں اتھارٹی تسلیم کیا ہے۔ مذکورہ جملہ بیان سے یہ بھی معلوم ہوا کہ کل امام کرامتوں کو ماننے والے تھے، اولیاء کو ماننے والے تھے اور سیدنا غوث الاعظم کے عقیدت مند تھے۔ یہ کہنا کہ حضور غوث الاعظم کے مقام و مرتبہ اور ان کے القابات کو اعلیٰ حضرت نے یا ہم نے گھڑ لیا ہے، نہیں، ایسا ہرگز نہیں ہے بلکہ حدیث، فقہ، تفسیر اور عقیدہ کے کل آئمہ نو سو سال سے ان کی شان اسی طرح بیان کرتے چلے آئے ہیں۔

# عارف شجر اور ان کی شاعری

گزشتہ سے پیوستہ

پتھر پہ سوتا آیا ہوں میں بس یہ سوچ کر
شاید میرے نصیب کا مخمل ہوا میں ہے
اترے گی ایک دن وہ فلک سے زمین پر
عارفؔ پری جو فکر کی چنچل ہوا میں ہے
نیک انسان کی یہ بھی پہچان ہے
اپنی آنکھوں میں شرم و حیا مانگنا
زندہ دل ہو کے جینا بڑی بات ہے
بس یہی اپنے رب سے دعا مانگنا
میری تنہائیوں کے ناگ جب ڈستے ہیں راتوں کو
اٹھا کے اس گھڑی کوئی رسالہ دیکھ لیتا ہوں
میں اک ایسا پرندوں ہوں کہ چھپ کر دشت میں اکثر
ہر اک پاگل شکاری کا تماشہ دیکھ لیتا ہوں
سورج سے دل لگا کے بہت دکھ ہوا مجھے
اسکے قریب جاکے بہت دکھ ہوا مجھے
ایسا بھی وقت آیا کہ خواہش کی لاش پر
اشکوں کے گل چڑھا کے بہت دکھ ہوا مجھے

عارف شجر نے اپنی غزلوں میں جذبات و احساسات کو بڑی خوبصورتی سے پرویا ہے۔ شائستگی شگفتگی اور مٹھاس کو اپنی شاعری میں قائم رکھا ہے۔ ایک حساس شاعر اپنے خیالات و تجربات کو لفظوں میں پرو کر قاری کے سامنے پیش کرتا ہے اور یہی کام عارف شجر نے کیا ہے۔ محمد تسلیم خان تیغ رقم طراز ہیں۔

''عارف شجر جس موضوع پر شعر کہتے ہیں تو پوری توجہ کے ساتھ منفرد اور اچھوتے انداز میں اپنی بات دوسروں تک پہنچانے کا ہنر اچھی طرح جانتے ہیں۔ نئی نئی تراکیب، نئے نئے استعارے اور نئی نئی تشبیہات سے ان کے اشعار مزین نظر آتے ہیں۔ زبان و بیان سادہ اور سلیس بلکہ اس درجہ سہل کہ ہر کم پڑھا لکھا قاری بھی ان کے اشعار کے مفاہیم با آسانی سمجھ جاتا ہے اور یہی ان کی کامیابی کا سب سے بڑا راز ہے۔ یہی خوبی عارف شجر کو اپنے ہم عصر شعراء سے ہٹ کر ایک الگ پہچان عطا کرتی ہے۔ عارف شجر آج کے بھاگتے دوڑتے دور میں الیکٹرونک میڈیا کی کرسی پر براجمان ہیں۔ صحافت کے لئے انہیں مولانا محمد ذکی اللہ ایوارڈ سے سرفراز کیا گیا ہے۔ عارف شجر کو زبان و فصاحت پر دھیان دینے کی ضرورت ہے لفظوں کی وادی میں لفظوں سے کھیلنے والے کے لئے یہ ضروری ہے۔ عارف شجر مضمون نگاری بھی کرتے ہیں وہ مضامین میں جو جو بات لکھتے ہیں اس میں پختگی ہوتی ہے۔ عارف شجر چاہے عقیدت میں ڈوب کر نعتیہ شاعری کریں یا مستی میں مزاحیہ



احسن امام احسن



عارف شجر

شاعری کریں یا خاموشی سے سنجیدہ شاعری کریں یا فکر مند ہو کر مضامین لکھیں، عارف کے قلم سے جو کچھ بھی نکلتا ہے وہ معیار کی طرف جھلکتا دکھائی دیتا ہے۔ اس میں کوئی شک نہیں کہ عارف شجر خوب لکھتے ہیں۔ ان پر لکھتے ہوئے ہوئے ونوبا بھاوے یونیورسٹی کے صدر شعبہ اردو پروفیسر ڈاکٹر زین رامش یوں نظر آتے ہیں کہ

''عارف شجر کے اشعار مطالعے کے مرحلے سے سے گزرتے ہوئے میں نے بار بار یہ محسوس کیا کہ ان اشعار میں وہ تمام تر عناصر موجود ہیں کہ جن کی بنیاد پر ہم اکثر و بیشتر غالب کی صوفیانہ شاعری آتش کی متصوفانہ فکر اور نذیر کی شاعری میں تصوف وغیرہ جیسے عنوانات قائم کرنے پر مجبور ہیں اور لمبی چوڑی تحریریں پیش کرتے ہیں۔ عارف شجر کی شاعری میں تصوف اور متصوفانہ فکر کی موجودگی پر میں قطعی اثر نہیں کرتا لیکن اتنا تو طے ہے کہ ان کے اشعار میں اخلاقیات کی اثر انگیزی اور اخلاقی قدروں کی پاسداری پوری طرح موجود نظر آتی ہیں۔''

عارف شجر کی شاعری کے اندر جو خوبیاں ہیں وہ ایک عرصے کی مشق کے بعد آتا ہے۔ عارف شجر نے مشق و مزاولت کی ہے۔ اور بڑے اچھے اچھے شعر نکالے ہیں تو آئے چند اور شعر دیکھ لیتے ہیں۔

میرے رستے کا پتھر ہو گیا ہے
زمانہ کیوں ستمگر ہو گیا ہے
غرور و فخر اسکو کیوں نہ ہو اب
وہ قطرہ تھا، سمندر ہو گیا ہے
شعر کہنے کا ہنر تم کو بھی آجائے گا
ذرا جذبات کے بکھرے ہوئے ٹکڑے چن لو
جن سے کھیں بھی کچھ اچھے سبق بھی سیکھیں
اپنے بچوں کے لئے ایسے کھلونے چن لو
مجھ سے لپٹ کے اس طرح رونے لگا تھا وہ
جیسے کبھی نہ ہوگی ملاقات ان دنوں
کیا ہوگئی خطا کہ خفا ہیں وہ اس قدر
ہوتے ہیں تلخ خط کے جوابات ان دنوں
ذہن مائل ہو تو ہم غنچے کھلا لیتے ہیں
ہر گھڑی ہوتا نہیں فکر سخن کا موسم
نرم لہجے سے شجرؔ اسکو مخاطب کرنا
آگیا ہے وہ لئے اپنے وچن کا موسم

عارف شجر کے اشعار ان کے بہترین شاعر ہونے کی غمازی کرتا ہے۔ عارف شجر نے شاعری کے علاوہ مضمون نگاری اور صحافت کے ذریعہ زبان کی ترقی و ترویج کے لئے کام کیا کیا ہے۔۔ اس کے ساتھ ہی عارف شجر اپنی شاعری کے ذریعے انسانیت ہمدردی اور محبت کا سبق سماج کو دیتے ہیں، یہی ان کے لئے ادب کی پونجی ہے۔

# سبق کتاب کا نہیں، زندگی کا

## ایک استاد کی گفتگو جب نصاب سے نکل کر زندگی کے سوالوں تک پہنچ جائے

عدنان شمیم

ہزاروں صفحات پڑھ لینے کے بعد بھی اگر انسان یہ نہ جان سکے کہ اسے زندگی میں کرنا کیا ہے، تو اس کی تعلیم کتنی مکمل ہے؟ اگر طالب علم ہر سوال کا رٹا ہوا جواب دے سکتا ہو، مگر اپنے مستقبل کے ایک سوال کا جواب نہ دے سکے، تو کیا اسے واقعی تعلیم یافتہ کہا جا سکتا ہے؟ آج کا طالب علم شاید معلومات کی کمی کا شکار نہیں، بلکہ مقصد کی کمی کا شکار ہے۔ اس کے پاس کتابیں ہیں، کوچنگ ہے، ٹیسٹ سیریز ہے، نوٹس ہیں، آن لائن کلاسز ہیں، لیکن ان سب کے درمیان ایک سوال کہیں دب گیا ہے میں آخر بننا کیا چاہتا ہوں؟ اسی سوال نے مجھے میرے پسندیدہ اساتذہ میں سے ایک، اودھ اوجھا، کی تعلیم کو دوسرے اساتذہ سے الگ انداز میں سمجھنے پر مجبور کیا۔ اودھ اوجھا کے یہاں تعلیم محض کتاب ختم کرنے، سوال یاد کرنے یا امتحان پاس کرنے کا نام نہیں۔ ان سے جو بات سب سے زیادہ سیکھنے کو ملتی ہے، وہ یہ ہے کہ کتابی علم اگر زندگی میں سوچ پیدا نہ کرے تو وہ صرف معلومات کا ذخیرہ رہ جاتا ہے۔ انسان کو رٹا ہوا طوطا نہیں، سوچنے والا انسان بننا چاہیے۔ آج ہماری تعلیمی دوڑ کا بڑا المیہ یہی ہے کہ ہم نے کامیابی کو چند امتحانات، چند عہدوں اور چند مخصوص ملازمتوں تک محدود کر دیا ہے۔ خاص طور پر سرکاری ملازمت اور مقابلہ جاتی امتحانات نوجوانوں کے لیے ایک بڑی امید بھی ہیں اور ایک بڑا دباؤ بھی۔

UPSC، SSC، PSC، بینکنگ اور دوسرے مقابلہ جاتی امتحانات کی تیاری کرنا کوئی غلط بات نہیں۔ محنت کرنا چاہیے، مقابلہ کرنا چاہیے اور اپنے خواب کے لیے پوری طاقت لگانی چاہیے۔ لیکن مسئلہ تب پیدا ہوتا ہے جب ایک امتحان انسان کی پوری زندگی بن جائے۔ ایک طالب علم امتحان میں ناکام ہوتا ہے اور اسے لگتا ہے کہ وہ زندگی میں ناکام ہو گیا۔ کسی کا ایک سال ضائع ہوتا ہے تو اسے لگتا ہے کہ اس کی پوری زندگی پیچھے رہ گئی۔ کسی دوست کا انتخاب ہو جاتا ہے تو وہ خود کو کمتر سمجھنے لگتا ہے۔ کسی رشتہ دار کا بیٹا افسر بن جاتا ہے تو گھر میں موازنہ شروع ہو جاتا ہے۔ یہ صرف امتحان کا دباؤ نہیں، شناخت کا دباؤ ہے۔ ہم نوجوانوں سے کہتے ہیں کہ کامیاب ہو جاؤ، مگر بہت کم لوگ انہیں یہ بتاتے ہیں کہ کامیابی کی تعریف خود بھی کی جا سکتی ہے۔ ہر طالب علم افسر نہیں بننا چاہتا۔ ہر طالب علم استاد نہیں بننا چاہتا۔ ہر طالب علم ڈاکٹر یا انجینئر نہیں بننا چاہتا۔ کسی کے اندر کاروبار کرنے کی صلاحیت ہے، کسی میں تحقیق کا شوق، کسی میں لکھنے کی صلاحیت، کسی میں ٹیکنالوجی کی سمجھ، کسی میں فن کا ہنر اور کسی میں لوگوں کو جوڑنے کی صلاحیت۔ لیکن جب پورا معاشرہ ایک ہی راستے کو کامیابی کا راستہ سمجھنے لگے تو بہت سے نوجوان اپنے اصل خواب کو پہچاننے سے پہلے ہی دوسروں کے خواب جینے لگتے ہیں۔ یہیں ایک استاد کا کردار شروع ہوتا ہے۔ استاد کا کام صرف یہ نہیں کہ وہ طالب علم کو بتائے کہ امتحان میں کون سا سوال آ سکتا ہے۔ ایک استاد کا کام یہ بھی ہے کہ وہ طالب علم کو یہ سمجھائے کہ اگر وہ سوال امتحان میں نہ بھی آیا تو زندگی میں کون سا سوال اس کے سامنے کھڑا ہوگا۔ اور میرے لیے اودھ اوجھا اسی سوچ کی نمائندگی کرتے ہیں۔ انہوں نے طالب علم کو صرف یہ نہیں سکھایا کہ امتحان کی تیاری کیسے کی جائے؛ ان کی تعلیم کا ایک بڑا پیغام یہ بھی ہے کہ اپنے ذہن کو امتحان کی حدود سے باہر لے جاؤ۔ سرکاری نوکری حاصل کرنا ایک کامیابی ہو سکتی ہے، لیکن یہ زندگی کی واحد کامیابی نہیں۔ مقابلہ جاتی امتحان ایک دروازہ ہو سکتا ہے، لیکن پوری دنیا صرف ایک دروازے کے پیچھے نہیں۔


نوجوانوں کو پرواز سیکھنی ہوگی۔ پرندے کو اگر صرف ایک دروازے کا راستہ بتایا جائے تو وہ قید سے نکل سکتا ہے، لیکن اگر اسے آسمان کا یقین دے دیا جائے تو وہ اڑنا سیکھ جاتا ہے۔ ایک اچھا استاد شاید یہی کرتا ہے۔ وہ طالب علم کو اپنے علم کا محتاج نہیں بناتا، بلکہ اسے خود سوچنے کے قابل بناتا ہے۔ وہ صرف جواب نہیں دیتا، سوال پیدا کرتا ہے۔ وہ صرف کتاب نہیں کھولتا، ذہن کھولتا ہے۔ آج کے طالب علم کے لیے یہ بہت ضروری ہے، کیونکہ اس کے سامنے صرف امتحان کا دباؤ نہیں بلکہ والدین کی توقعات، معاشرتی موازنہ، مالی پریشانی، روزگار کی فکر اور مستقبل کی غیر یقینی بھی ہے۔ والدین چاہتے ہیں کہ بچہ کامیاب ہو۔ معاشرہ چاہتا ہے کہ بچہ دوسروں سے آگے نکلے۔ کوچنگ چاہتی ہے کہ طالب علم زیادہ سے زیادہ گھنٹے پڑھے۔ سوشل میڈیا اسے ہر روز کسی نہ کسی کامیاب نوجوان کی کہانی دکھاتا ہے۔ نتیجہ یہ نکلتا ہے کہ طالب علم پڑھ تو رہا ہوتا ہے، لیکن اندر سے مسلسل یہ سوچ رہا ہوتا ہے: ''اگر میں ناکام ہو گیا تو؟'' ایسے وقت میں ایک استاد کی ایک بات کبھی کبھی پوری کتاب سے زیادہ طاقت رکھتی ہے۔ استاد اسے یہ بتا سکتا ہے کہ ناکامی تمہاری شناخت نہیں۔ ایک امتحان کا نتیجہ تمہاری ذہانت کا مکمل پیمانہ نہیں۔ ایک سال کی تاخیر تمہاری زندگی کی شکست نہیں۔ اور کسی دوسرے انسان کی کامیابی تمہاری ناکامی کا ثبوت نہیں۔ یہ سبق کسی نصاب میں درج نہیں ہوتا۔ اسی لیے استاد کا مقام صرف کلاس روم تک محدود نہیں ہونا چاہیے۔ ایک استاد طالب علم کو صرف ملازمت کے لیے تیار کرے تو وہ ایک امیدوار تیار کرتا ہے؛ لیکن اگر وہ اسے سوچنا، فیصلہ کرنا، سوال کرنا، گر کر اٹھنا اور اپنے راستے خود تلاش کرنا سکھائے تو وہ ایک انسان تیار کرتا ہے۔ اور شاید آج ہمیں اسی تعلیم کی سب سے زیادہ ضرورت ہے۔ ہمیں ایسے نوجوان نہیں چاہییں جو صرف یہ جانتے ہوں کہ کسی سوال کا صحیح جواب کیا ہے۔ ہمیں ایسے نوجوان چاہییں جو یہ بھی پوچھ سکیں کہ صحیح سوال کیا ہے؟ ہمیں ایسے طالب علم نہیں چاہییں جو صرف رینک کے پیچھے بھاگیں؛ ہمیں ایسے نوجوان چاہییں جو اپنی صلاحیت کو پہچانیں۔

ہمیں ایسے استاد نہیں چاہییں جو صرف یہ بتائیں کہ کتاب میں کیا لکھا ہے؛ ہمیں ایسے استاد بھی چاہییں جو یہ بتائیں کہ کتاب سے باہر کی دنیا کو کیسے پڑھنا ہے۔ اودھ اوجھا سے حاصل ہونے والا یہی سبق میرے لیے سب سے قیمتی ہے: تعلیم کا مقصد صرف امتحان پاس کرنا نہیں، زندگی کو سمجھنا ہے۔ اگر تعلیم انسان کو بہتر سوچنے والا، بہتر فیصلہ کرنے والا، زیادہ باہمت اور زیادہ ذمہ دار انسان نہیں بناتی تو ہمیں اپنی تعلیم کے مقصد پر دوبارہ غور کرنا ہوگا۔ کیونکہ آخرکار ہر طالب علم کو ایک دن امتحانی مرکز سے باہر آنا ہے۔ ایک دن رزلٹ بھی آ جائے گا، ایک دن ملازمت بھی مل سکتی ہے، ایک دن عہدہ بھی حاصل ہو سکتا ہے۔ لیکن اس کے بعد؟ زندگی کا اصل سوال وہیں سے شروع ہوتا ہے۔ اور جو استاد اپنے شاگرد کو اس سوال کے لیے تیار کر دے، وہ صرف استاد نہیں رہتا۔ وہ ایک سمت بن جاتا ہے۔

# ایس آئی آر پر الیکشن کمیشن میں اختلافات سامنے آگئے

**بی جے پی نے گیانیش کمار گپتا کو چیف الیکشن کمشنر بنایا تاکہ الیکشن کمیشن کو اندر سے کھوکھلا کیا جاسکے: پون کھیڑا**

## گیانیش کمار نے الیکشن کمیشن کو یرغمال بنالیا ہے: ابھیشیک منو سنگھوی ☆ ابھیشیک بنرجی نے چیف الیکشن کمشنر کو ہٹانے اور کورٹ کی نگرانی میں تحقیقات کا مطالبہ کیا







دہلی (ایجنسیاں)۔ ووٹر لسٹ کی خصوصی گہری نظرثانی (ایس آئی آر) کو لے کر الیکشن کمیشن کے اندر مبینہ طور پر سامنے آئے اختلاف نے اب سیاسی رنگ اختیار کرلیا ہے۔ 'دی انڈین ایکسپریس' کی ایک رپورٹ میں دعویٰ کیا گیا ہے کہ گزشتہ 10 ماہ کے دوران کم از کم 14 مرتبہ ایسے مواقع آئے جب 3 رکنی کمیشن کے 2 الیکشن کمشنرز، سکھبیر سنگھ سندھو اور وویک جوشی نے کمیشن کے بعض فیصلوں اور احکامات پر باضابطہ طور پر اعتراض درج کرایا۔ اس پر کانگریس کے راجیہ سبھا رکن پون کھیڑا کا سخت ردعمل سامنے آیا ہے۔ انہوں نے سوشل میڈیا پلیٹ فارم 'ایکس' پر لکھا کہ ''گیانیش کمار گپتا ایک دیمک کی طرح ہیں، جنہیں بی جے پی پال رہی ہے اور تحفظ دے رہی ہے تاکہ وہ اندر سے ہندوستان کے الیکشن کمیشن کو کھوکھلا کر سکیں۔'' پون کھیڑا اپنی پوسٹ میں مزید لکھتے ہیں کہ ''یہ پہلے ہی معلوم تھا کہ الیکشن کمیشن کے اندر حالات کچھ ٹھیک نہیں ہیں۔ لیکن حالات کتنے بدنظمی کا شکار، غیر فعال اور، سچ کہوں تو، تشویش ناک ہو چکے تھے، اس کا انکشاف 'انڈین ایکسپریس' کی اس شاندار تحقیقاتی رپورٹ سے ہوتا ہے۔'' ساتھ ہی انہوں نے لکھا کہ کہ ''ذرا سوچیے کہ اس کا کیا مطلب ہے، گیانیش کمار گپتا ایک ایسے ادارے پر غیر معمولی کنٹرول رکھتے ہیں، جسے الیکشن کمشنروں کو اجتماعی طور پر چلانا ہوتا ہے۔ اس عمل میں انہوں نے بی جے پی کے کہنے پر اکیلے ہی ہندوستان کے انتخابی عمل کی سالمیت کو تباہ کرنے میں اہم کردار ادا کیا ہے۔'' ان کے مطابق گپتا مودی دور کے سب سے زیادہ بکے ہوئے بیوروکریٹ ہیں، جنہوں نے کروڑوں ہندوستانیوں کو ان کے حق رائے دہی سے محروم کیا ہے، اور انہیں قانون کا سامنا کرنا ہی ہوگا۔ سماجوادی پارٹی کے قومی صدر اکھلیش یادو نے 'ایکس' پر لکھا کہ ''یہ ایک انتہائی سنگین خبر ہے کہ گزشتہ 10 ماہ کے دوران 2 الیکشن کمشنروں نے الیکشن کمیشن کے غلط فیصلوں پر 14 مرتبہ اپنی ناراضگی درج کرائی ہے۔ اس کا واضح مطلب یہ ہے کہ تمام الیکشن کمشنر اپنا کام درست طریقے سے نہیں کر پا رہے ہیں۔ اگر کسی خودمختار ادارے کے ارکان کو منصفانہ کام کرنے کی آزادی نہیں ہے یا ان کی بات نہیں سنی جاتی ہے تو یہ جمہوریت کے لیے انتہائی خطرناک اور نقصان دہ صورتحال ہے۔'' ساتھ ہی انہوں نے لکھا کہ ''کچھ لوگوں کا اقتدار کی کٹھ پتلی بن کر جمہوریت کو دھوکا دینا سنگین آئینی جرم ہے۔ یہ جمہوریت کو مٹانے کی کسی سازش سے کم نہیں ہے۔ سپریم کورٹ ازخود نوٹس لے!''

☆الیکشن کمیشن سے متعلق 'انڈین ایکسپریس' کے انکشاف کے بعد ہنگامہ برپا ہوگیا ہے۔ کانگریس کے سینئر رہنما اور راجیہ سبھا رکن ابھیشیک منو سنگھوی نے چیف الیکشن کمشنر گیانیش کمار پر الیکشن کمیشن کو 'ہائی جیک' کرنے یعنی یرغمال بنانے کا الزام عائد کیا ہے۔ ساتھ ہی انہوں نے دہلی اور ہریانہ میں ہوئے اسمبلی انتخابات کو منسوخ کرنے کا مطالبہ بھی کیا۔ سنگھوی نے کہا کہ سی ای سی نے ملک کو گمراہ کیا۔ آج الیکشن کمیشن جیسے آئینی ادارے بھی آزاد نہیں ہیں، الیکشن کمیشن میں فیصلے اکثریت کی بنیاد پر ہوتے ہیں، لیکن سی ای سی نے اپنے ساتھیوں کو گمراہ کیا ہے۔ کانگریس رہنما ابھیشیک منو سنگھوی نے الزام عائد کیا کہ الیکشن کمیشن میں ایک اندرونی 'بلڈوزر' بھی ہے۔ ظاہر ہے، ان کا اشارہ گیانیش کمار کی طرف تھا۔ وہ کہتے ہیں کہ گیانیش کمار نے صرف ملک کو گمراہ ہی نہیں کیا بلکہ اپنے ساتھیوں کو گمراہ کرتے ہوئے الیکشن کمیشن کو 'ہائی جیک' کرلیا، سپریم کورٹ نے واضح کیا تھا کہ الیکشن کمیشن ایک اکثریتی ادارہ ہے ایسے میں سوال ہے کہ کیا الیکشن کمشنرز 'ڈمی' ہیں اور صرف ایک شخص ہی الیکشن کمیشن چلا رہا ہے۔ سی ای سی نے فارم 6 میں تبدیلی کر کے قواعد کی خلاف ورزی کی ہے۔ ابھشیک منو سنگھوی نے پریس کانفرنس میں کہا ہے کہ ''1995 میں سپریم کورٹ نے صاف کردیا تھا کہ الیکشن کمیشن ایک اکثریت والا ادارہ ہے۔ بہت وقت پہلے ایک قانونی سوال اٹھا تھا کہ کیا الیکشن کمیشن میں چیف الیکشن کمشنر سب سے بالاتر ہے اور الیکشن کمشنرز برابر کا حق نہیں رکھتے؟ اس کا واضح جواب دیا گیا تھا کہ سبھی الیکشن کمشنرز برابر ہیں۔ چیف الیکشن کمشنر (سی ای سی)، الیکشن کمشنرز کے اوپر نہیں ہیں، بلکہ برابر والوں میں اول ہیں۔'' اس تشریح کے بعد انھوں نے میڈیا کے سامنے کہا کہ ''ایسے میں آج کے انکشاف سے واضح ہوتا ہے کہ چیف الیکشن کمشنر نے صرف ملک کے آئینی اقدار پر حملہ نہیں کیا، انھوں نے الیکشن کمیشن کو یرغمال بنا کر اپنے ساتھیوں کو بھی گمراہ کیا ہے۔'' ابھیشیک منو سنگھوی کے مطابق سپریم کورٹ نے تقریباً 30 سال قبل کہا تھا کہ الیکشن کمیشن کے تمام الیکشن کمشنرز کو فیصلے کرنے کے عمل میں اپنی رائے دینے کا حق ہونا چاہیے۔ عدالت نے کہا تھا کہ ''اگر چیف الیکشن کمشنر کو اس لحاظ سے برتر سمجھا جائے کہ ان کا فیصلہ حتمی ہوگا تو وہ دیگر الیکشن کمشنرز کو غیر مؤثر یا محض نمائشی بنا دیں گے۔'' ساتھ ہی انہوں نے کہا کہ ''سی ای سی گیانیش کمار جن لوگوں کو 'ڈمی' سمجھتے ہیں، انہوں نے 10 ماہ میں 14 مرتبہ تحریری طور پر اپنا اعتراض اور اختلاف درج کرایا ہے۔ اگست 2026 میں الیکشن کمشنر سکھبیر سنگھ سندھو نے فارم 6 میں کی گئی تبدیلی کو 'غیر مجاز اور غیر قانونی' قرار دیا تھا۔ اس تبدیلی کی مخالفت الیکشن کمشنر وویک جوشی نے بھی کی تھی۔'' راجیہ سبھا رکن منو سنگھوی نے اپنی بات جاری رکھتے ہوئے کہا کہ ''اس سے قبل مئی 2026 میں دونوں الیکشن کمشنرز نے اعتراض درج کرایا تھا کہ ہمارے ای آر اوز کو الیکشن کمیشن کے پورٹل تک رسائی حاصل نہیں ہے۔ پھر اگست 2026 میں سکھبیر سنگھ سندھو نے لکھا کہ مغربی بنگال کے ٹریبونل کے سامنے الیکشن کمیشن کی جانب سے اپیل کرنے کی اجازت کس نے دی؟'' ساتھ ہی انہوں نے کہا کہ ''سوال یہ ہے کہ یہ کیسا ہائی جیک ہے، یہ کیسی تاناشاہی ہے، کیا باقی الیکشن کمشنرز ڈمی ہیں؟''

☆ ترنمول کانگریس کے قومی جنرل سکریٹری ابھیشیک بنرجی نے بدھ کے روز چیف الیکشن کمشنر گیانیش کمار کو عہدے سے فوری طور پر ہٹانے اور الیکشن کمیشن کے طرزِ عمل کی عدالت کی نگرانی میں تحقیقات کرانے کا مطالبہ کیا۔ انہوں نے الزام لگایا کہ ایک خاص سیاسی جماعت کو فائدہ پہنچانے کے لیے لاکھوں ووٹروں کے حقوق چھینے جا رہے ہیں۔ مسٹر بنرجی نے اپنے واٹس ایپ چینل پر ایک پوسٹ میں کہا، ''چیف الیکشن کمشنر کو فوری طور پر ہٹایا جانا چاہیے اور عدالت کی نگرانی میں تحقیقات کے احکامات دیے جانے چاہئیں۔'' انہوں نے الزام لگایا کہ کسی ایک سیاسی جماعت کو فائدہ پہنچانے کے لیے لاکھوں ووٹروں کے نام کاٹنا ہماری جمہوریت کی بنیاد پر حملہ ہے اور اس کے لیے ذمہ دار لوگوں کی جوابدہی طے ہونی چاہیے۔ انہوں نے کہا، ''سپریم کورٹ اپنی آنکھیں بند نہیں کر سکتی۔ کیا ہندوستان کے چیف جسٹس کی قیادت والی بینچ اس پر کارروائی کرے گی؟'' مسٹر بنرجی کا یہ تبصرہ ان میڈیا رپورٹوں کے بعد آیا ہے، جن میں انکشاف ہوا ہے کہ الیکشن کمشنروں سکھبیر سنگھ سندھو اور ڈاکٹر وویک جوشی نے ووٹر فہرست کی نظرثانی سے جڑے فیصلوں پر گزشتہ 10 مہینوں میں کم از کم 14 بار باضابطہ طور پر اعتراضات درج کرائے تھے۔ ان کمشنروں نے مبینہ طور پر کہا کہ کئی فیصلے ان کی معلومات کے بغیر کیے گئے تھے۔ کمیشن کے اندر اندرونی اختلافات کی رپورٹوں نے ووٹر فہرست کی خصوصی تفصیلی نظرثانی (ایس آئی آر) کے تعلق سے اپوزیشن کے حملوں کو اور تیز کر دیا ہے۔ اپوزیشن جماعتوں کا الزام ہے کہ اس عمل سے اہل ووٹروں کے نام ہٹائے جا رہے ہیں۔ تاہم، الیکشن کمیشن کے ذرائع نے دعویٰ کیا ہے کہ ایس آئی آر سے جڑے تمام فیصلے اتفاق رائے سے کیے گئے تھے۔ یہ تنازع اب سپریم کورٹ بھی پہنچ چکا ہے، جہاں ایس آئی آر کے عمل سے جڑی عرضیوں پر سماعت ہو رہی ہے۔ منگل کے روز عدالت نے ''منطقی عدم مطابقت'' کی بنیاد پر دہلی میں ووٹروں کو جاری کیے گئے نوٹسوں پر الیکشن کمیشن سے سوال پوچھے تھے اور پوچھا تھا کہ کیا یہ نوٹس بغیر سوچے سمجھے میکانکی انداز میں جاری کیے جا رہے ہیں۔ مغربی بنگال میں ایس آئی آر کے عمل کے تعلق سے الگ سے قانونی اور سیاسی رسہ کشی چل رہی ہے۔ الیکشن کمیشن نے سپریم کورٹ کو بتایا ہے کہ اس عمل کے دوران ریاست کی ووٹر فہرست سے 16.27 لاکھ ووٹروں کے نام ہٹائے گئے تھے، جن میں سے 22 لاکھ سے زائد لوگوں نے بعد میں نام دوبارہ شامل کرنے کے لیے اپیل دائر کی ہے۔ کمیشن نے غیر حاضر، منتقل شدہ، متوفی اور ڈپلیکیٹ اندراجات کے زمروں کا حوالہ دیتے ہوئے ان ناموں کو ہٹانے کا دفاع کیا ہے۔ مسٹر بنرجی نے مغربی بنگال اسمبلی انتخابات کے بعد اپوزیشن جماعتوں کی جانب سے ظاہر کی گئی تشویشات کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ انڈیا اتحاد کے اراکین نے سپریم کورٹ کے چیف جسٹس اور دیگر ججوں کو خط لکھا تھا، لیکن ان تشویشات کی نہ تو تحقیقات کی گئی اور نہ ہی انہیں مناسب سنجیدگی سے لیا گیا۔

## عمر عبداللہ کا انتخابی فہرستوں کی اصلاح پر زور

**عوامی اعتماد بحال رکھنے کو اقدامات ناگزیر قرار**



سرینگر: جموں و کشمیر کے وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے بدھ کے روز ووٹر لسٹوں (انتخابی فہرستوں) کی نظرثانی کے عمل کو بہتر بنانے کے لیے اقدامات کا مطالبہ کیا۔ انہوں نے کہا کہ جمہوریت پر یقین برقرار رکھنے کے لیے انتخابات پر عوامی اعتماد کا قائم رہنا ضروری ہے۔ عبداللہ نے کہا کہ مرکزی حکومت اور الیکشن کمیشن کو ووٹر لسٹوں کی نظرثانی کے عمل سے متعلق خدشات پر توجہ دینی چاہیے اور انہیں حل کرنے کے لیے اقدامات کرنے چاہئیں۔ انہوں نے کہا کہ انتخابات کا انحصار عوامی شرکت اور اعتماد پر ہوتا ہے۔ انہوں نے خبردار کیا کہ اگر ووٹرز اس عمل پر شک کرنے لگیں تو اس سے انتخابات میں حصہ لینے کے ان کے رجحان پر اثر پڑ سکتا ہے۔ سرینگر میں نامہ نگاروں سے بات کرتے ہوئے عبداللہ نے کہا، یقیناً اصلاحی اقدامات کی ضرورت ہے۔ اگر لوگ انتخابات پر اعتماد کرنا چھوڑ دیں تو جمہوریت کی بنیاد ہی کمزور پڑ جائے گی۔'' انہوں نے مزید کہا کہ الیکشن کمیشن اور مرکزی حکومت کو انتخابی عمل کے بارے میں اٹھائے جانے والے خدشات پر سنجیدگی سے غور کرنا چاہیے۔ عبداللہ انگریزی اخبار ''دی انڈین ایکسپریس'' کی رپورٹ کے حوالے سے پوچھے گئے سوالات کا جواب دے رہے تھے جس میں ایس آئی آر کے معاملے پر تین رکنی الیکشن کمیشن کے اندرونی اختلافات کو اجاگر کیا گیا ہے۔ رپورٹ کے مطابق، الیکشن کمشنرز سکھبیر سنگھ سندھو اور وویک جوشی نے گزشتہ 10 مہینوں کے دوران کم از کم 14 بار ریکارڈ پر اعتراضات اٹھائے تھے۔ یہ اعتراضات مبینہ طور پر ان فیصلوں اور احکامات کے بارے میں تھے جن کے بارے میں دونوں کمشنرز کا دعویٰ تھا کہ وہ ان کی معلومات کے بغیر کیے یا جاری کیے گئے تھے۔ عبداللہ نے کہا کہ اس رپورٹ نے الیکشن کمیشن کے کام کرنے کے طریقہ کار پر سوالات کھڑے کر دیے ہیں۔ انہوں نے نشاندہی کی کہ جموں و کشمیر میں الیکشن کمیشن کے کام کاج، خاص طور پر خطے میں کیے گئے حلقہ بندی (ڈی لیمیٹیشن) کے عمل کے حوالے سے پہلے ہی خدشات موجود رہے ہیں۔ عبداللہ نے کہا، ''کچھ عرصے سے الیکشن کمیشن کے کام کرنے کے طریقہ کار پر سوالات اٹھائے جا رہے ہیں۔ جموں و کشمیر کے حوالے سے، حلقہ بندی کا معاملہ اس وقت بھی تشویش کا باعث تھا جب ایس آئی آر کا مسئلہ قومی سطح پر زیر بحث نہیں آیا تھا۔'' حلقہ بندی کے عمل پر اپنی تنقید کا اعادہ کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ان کی پارٹی اسے شفاف یا منصفانہ نہیں سمجھتی۔ انہوں نے کہا، ''ہمارا یہ موقف رہا ہے کہ حلقہ بندی کے عمل میں شفافیت کا فقدان تھا اور اس میں سنگین خامیاں تھیں۔ ہمیں یہ بھی محسوس ہوا کہ اسے ایک مخصوص سیاسی جماعت اور اس کے حلیفوں کو فائدہ پہنچانے کے لیے ترتیب دیا گیا تھا۔'' عبداللہ نے الیکشن کمشنرز کے درمیان مبینہ اختلافات کا بھی ذکر کیا اور کہا کہ اس سے کمیشن کے اندرونی کام کاج پر مزید سوالات پیدا ہوتے ہیں۔ حالیہ واقعات کا حوالہ دیتے ہوئے، انہوں نے ہندی محاورے ''دال میں کچھ کالا ہے'' (یعنی معاملہ مشکوک ہے) کا استعمال کیا، جس سے یہ اشارہ ملتا ہے کہ کچھ گڑبڑ یا مشکوک بات ہو سکتی ہے۔

## جمعیۃ علماء ہند کا بنیادی حقوق کے تحفظ پر زور

**صدرِ جمہوریہ سے ملاقات، قانونی راستے اپنانے کا فیصلہ**



دہلی، 23 ستمبر 2026: جمعیۃ علماء ہند کی مجلس عاملہ کا ایک اہم اجلاس آج محمودیہ لائبریری، مرکزی دفتر جمعیۃ علماء ہند، نئی دہلی میں منعقد ہوا جس کی صدارت جمعیۃ علماء ہند کے صدر مولانا محمود اسعد مدنی نے کی۔ اجلاس میں دارالعلوم دیوبند کے مہتمم مفتی ابوالقاسم نعمانی سمیت ملک کے مختلف حصوں سے مجلس عاملہ کے ارکان نے شرکت کی۔ ارکانِ عاملہ نے ملک کی موجودہ صورتِ حال، دستورِ ہند میں دیے گئے بنیادی حقوق، مذہبی آزادی، شریعت میں مداخلت کی کوششوں، عبادت گاہوں، مساجد اور مدارسِ اسلامیہ کو درپیش مسائل سمیت متعدد اہم امور پر تفصیلی غور و خوض کیا۔ اس سے قبل سابقہ کارروائی کی خواندگی ناظمِ عمومی جمعیۃ علماء ہند مولانا محمد حکیم الدین قاسمی نے کی جس کی صدرِ اجلاس نے توثیق فرمائی۔ مجلس عاملہ نے مختلف ریاستوں میں انتظامیہ کے اقدامات، بالخصوص شہری و مذہبی حقوق سے متعلق پیدا ہونے والی صورتِ حال، ماب لنچنگ، بلڈوزر کارروائیوں اور مساجد و مدارس کے انہدام کے واقعات پر گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے واضح موقف اختیار کیا اور طے کیا کہ ان معاملات کو اعلیٰ آئینی سطح پر اٹھایا جائے گا اور صدرِ جمہوریہ ہند سے ملاقات کے لیے وقت طلب کیا جائے گا، تاکہ ان کے سامنے متاثرین کے احساسات اور شکایات تفصیل کے ساتھ پیش کی جاسکیں۔ اس کے ساتھ ہی متعلقہ آئینی اور قانونی فورمز سے بھی رجوع کیا جائے گا، تاکہ متاثرین کی آواز، انصاف اور دستورِ ہند کے بنیادی اصولوں کے تحفظ کے لیے مؤثر قانونی اقدامات کیے جاسکیں۔ اجلاس کے بعد میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے جمعیۃ علماء ہند کے صدر مولانا محمود اسعد مدنی نے مجلس عاملہ کے فیصلوں پر روشنی ڈالتے ہوئے کہا کہ سرکار کی جانب سے یک طرفہ کارروائیوں اور متعدد معاملات میں انتظامیہ کے جانبدارانہ رویے کے باعث متاثرین کے لیے عدالتی ذرائع سے مؤثر قانونی چارہ جوئی کے مواقع بھی محدود ہوتے جا رہے ہیں۔ اگر کسی ایک کمیونٹی کے خلاف یک طرفہ کارروائیاں ہوں اور انہیں انتظامی سطح پر سرپرستی حاصل ہو تو یہ صورتِ حال انتہائی تشویش ناک ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ مسئلہ کسی ایک مقام یا کسی ایک ریاست تک محدود نہیں ہے، بلکہ ملک کے مختلف حصوں سے اس نوعیت کے واقعات سامنے آرہے ہیں۔ جمعیۃ علماء ہند نے اس بگڑتی ہوئی صورتِ حال پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے اور فیصلہ کیا ہے کہ تمام دستیاب آئینی اور قانونی ذرائع سے رجوع کیا جائے گا۔ مولانا محمود مدنی نے کہا کہ ہم ملک کے مسلمانوں اور عوام کو یہ پیغام دینا چاہتے ہیں کہ مایوس ہونے، خوف زدہ ہونے یا ہمت ہارنے کی کوئی ضرورت نہیں۔ ہمیں عزم، حوصلے اور آئینی طریقے سے اپنے حقوق کے لیے جدوجہد جاری رکھنی ہے۔ انہوں نے کہا، ''یہ ملک ہمارا ہے اور ہم اس ملک کے برابر کے شہری ہیں۔ اپنے آئینی اور قانونی حقوق کا تحفظ کرنا ہمارا بنیادی حق ہے۔

## قومی اردو کونسل اور مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی کا امتزاج فطری ہے: سید عین الحسن

**اردو کے مزاج میں ہندوستان کی روح شامل ہے: ڈاکٹر محمد شمس اقبال ☆ اردو کی کہاوتیں اور تلمیحات ہندوستانی تہذیب کی بہترین نمائندگی کرتی ہیں: محمد نسیم الدین فریس**

**قومی اردو کونسل اور مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی، حیدرآباد کے باہمی اشتراک سے ''اردو اور دیگر ہندوستانی زبانیں: لسانی، ادبی و ثقافتی روابط'' کے موضوع پر دوروزہ قومی سمینار کا انعقاد**



حیدرآباد/نئی دہلی: سی پی ڈی یو ایم ٹی آڈیٹوریم، مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی، حیدرآباد میں قومی کونسل برائے فروغ اردو زبان، نئی دہلی، بہ اشتراک مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی، حیدرآباد، دوروزہ قومی سمینار بعنوان ''اردو اور دیگر ہندوستانی زبانیں: لسانی، ادبی و ثقافتی روابط'' کا انعقاد کیا گیا، جس کے پہلے دن افتتاحی اجلاس کے علاوہ تین تکنیکی اجلاس منعقد ہوئے۔ افتتاحی اجلاس کی صدارت پروفیسر سید عین الحسن (وائس چانسلر، مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی، حیدرآباد) نے کی۔ اس اجلاس کے دیگر شرکا میں پروفیسر ایس کے اشتیاق احمد (رجسٹرار، مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی، حیدرآباد)، ڈاکٹر محمد شمس اقبال (ڈائرکٹر، قومی کونسل برائے فروغ اردو زبان، نئی دہلی)، پروفیسر گلفشاں حبیب (ڈین، اسکول آف لینگویجز، لنگوسٹکس اینڈ انڈولوجی، مانو، حیدرآباد)، پروفیسر محمد نسیم الدین فریس (سابق ڈین، اسکول آف لینگویجز، لنگوسٹکس اینڈ انڈولوجی، مانو، حیدرآباد) اور ڈاکٹر شمع کوثر یزدانی، اسسٹنٹ ڈائرکٹر (اکیڈمک)، قومی کونسل برائے فروغ اردو زبان، نئی دہلی، شامل رہے۔ صدارتی کلمات پیش کرتے ہوئے پروفیسر سید عین الحسن نے کہا کہ قومی اردو کونسل اور مانو کا امتزاج فطری امتزاج ہے، جس کی کوششوں میں زبان کو بنیادی حیثیت حاصل ہے۔ زبان اگر اپنی شناخت باقی رکھتی ہے تو یہ زندگی کے کسی بھی میدان میں ماند نہیں پڑتی۔ زبان اپنا راستہ خود بناتی ہے، جس کا خوب صورت سلسلہ شاعری سے شروع ہوتا ہے۔ زبان بولے جانے کے ساتھ ساتھ خاموشی کے ساتھ بھی اپنا گہرا اثر چھوڑتی ہے۔ انھوں نے اردو زبان سے پیدا ہونے والی کیفیات پر بھی روشنی ڈالی اور کہا کہ اردو میں یہ کیفیات دوسری زبانوں سے اختلاط اور میل جول سے ہی پیدا ہوئی ہیں۔ مہمانِ اعزازی پروفیسر اشتیاق احمد نے سمینار کے موضوع کے حوالے سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ یہ بہت ہی وسیع اور متنوع موضوع ہے، جس پر کافی علمی اور بامعنی گفتگو ہو سکتی ہے۔ مجھے امید ہے کہ ماہرین اپنے مقالات میں اس پر بہتر انداز میں روشنی ڈالیں گے۔ افتتاحی کلمات میں ڈاکٹر محمد شمس اقبال نے سمینار کے موضوع کی معنویت پر گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ہمارا یہ سمینار ایسی جگہ، یعنی مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی میں منعقد ہو رہا ہے، جو اردو کے فروغ میں اہم کردار ادا کر رہی ہے۔ قومی اردو کونسل نے زبان کے حوالے سے جو سمینار منعقد کیے یا کر رہی ہے، ان میں کونسل کی یہ کوشش رہی ہے کہ زبان کے ذریعے ہندوستان کی تکثیریت پر بھرپور گفتگو ہو اور زبان کی خوب صورتی کے ساتھ اس کی مختلف خوبیوں کو بھی واضح کیا جاسکے۔ قومی اردو کونسل نے اسی مقصد کے پیش نظر گزشتہ ڈھائی برسوں میں دو عالمی کانفرنسوں کے ساتھ ملک کے الگ الگ خطوں میں اردو اور دیگر ہندوستانی زبانوں کے تہذیبی، ثقافتی اور لسانی پہلوؤں کو پیشِ نظر رکھتے ہوئے سمینارز اور پینل ڈسکشن منعقد کیے ہیں۔ یہ سمینار بھی اسی سلسلے کی ایک اہم کڑی ہے۔ انھوں نے کہا کہ اردو کے مزاج میں ہندوستانیت شامل ہے۔ یہی وجہ ہے کہ اسے دوسری زبانوں سے جوڑ کر دیکھنے سے ہندوستانی کے تکثیری سماج کی حقیقی تصویر سامنے آتی ہے۔ انھوں نے مزید کہا کہ مانو اور قومی کونسل مل کر مستقبل کے ہندوستان کی تعمیر میں اس زبان کے ذریعے اہم کردار ادا کرسکتی ہیں اور 'وکست بھارت 2047' کے وژن کو عملی طور پر مضبوطی عطا کرنے میں اس کا رول کلیدی ہو سکتا ہے۔ استقبالیہ کلمات ادا کرتے ہوئے پروفیسر گلفشاں حبیب نے تمام مہمانوں کا استقبال کیا اور اس دوروزہ سمینار کے مقاصد پر بھی روشنی ڈالی۔ کلیدی خطبے میں پروفیسر محمد نسیم الدین فریس نے اردو کی لسانی، ادبی اور تہذیبی روایت پر روشنی ڈالتے ہوئے تینوں کے تاریخی تناظر اور عملی جہت کو واضح کیا اور کہا کہ زبانوں کے باہمی اختلاط سے اخذ و قبول کا سلسلہ شروع ہوتا ہے، جس کے گہرے اثرات ایک دوسرے پر مرتب ہوتے ہیں۔ سنسکرت اور تدبھو کے بغیر اردو کے جملے لکھنا محال ہے، اس لیے کہ اس کا بنیادی ڈھانچہ ہند آریائی ہے۔ اردو نے مختلف علاقوں کی بولیوں سے بھی کافی استفادہ کیا ہے۔ اس حوالے سے یہ بہت ہی سیال زبان رہی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ اس کی بہت سی کہاوتیں، محاورے اور تلمیحات ایسی ہیں جو ہندوستانی تہذیب کی بہترین نمائندگی کرتی ہیں۔ انھوں نے اردو کی مختلف شعری اصناف سے اس کی بہت سی مثالیں بھی پیش کیں۔ ساتھ ہی اس ضمن میں ترجمے کی اہمیت اور اس کے کردار پر بھی گفتگو کی۔

## دہلی کے تگڑی سے گیارہ بچہ مزدوروں کو بچایا گیا

**سب سے چھوٹا 6 سال کا، چپس اور بسکٹ دے کر کام کرا رہے تھے**

نئی دہلی، 23 ستمبر (یو این آئی) دہلی کے تگڑی علاقے سے ریسکیو آپریشن کے ذریعے گیارہ بچہ مزدوروں کو بچایا گیا۔ وہ جنوبی دہلی ضلع کے تگڑی میں موٹر سائیکلوں کی مرمت کی دکانوں، بیکریوں، ہوٹلوں، ڈھابوں اور جوتوں کی دکانوں پر کام کر رہے تھے۔ ان کی عمریں چھ سے سترہ سال کے درمیان ہیں۔ ان بچوں کو بہار، اتر پردیش اور مہاراشٹر سے چائلڈ لیبر کے لیے دہلی لے جایا گیا تھا۔ ریسکیو کے وقت دونوں بچے انتہائی گندے اور پھٹے پرانے کپڑوں میں پائے گئے۔ ایسوسی ایشن فار والنٹری ایکشن کے ایگزیکٹیو ڈائریکٹر دھننجے ٹنگل نے دہلی حکومت کی تعریف کرتے ہوئے کہا، ''یہ کارروائی راجدھانی میں چائلڈ لیبر کے خلاف انتظامیہ کی سرگرمی اور سول سوسائٹی کی تنظیموں کے عزم کی عکاسی کرتی ہے۔ یہ واضح پیغام دیتا ہے کہ بچوں کے استحصال کو مزید برداشت نہیں کیا جائے گا۔ اس معاملے میں ملوث افراد کے خلاف سخت کارروائی کی جانی چاہیے تاکہ مستقبل میں بچوں کو استحصال کرنے کی کوئی کوشش نہ ہو۔'' ریسکیو آپریشن کے دوران جن 10 اداروں سے بچوں کو بچایا گیا تھا انہیں سیل کر دیا گیا ہے۔ ان کے مالکان کی گرفتاری کا عمل جاری ہے۔ ایس ڈی ایم دیولی نے چائلڈ لیبر ایکٹ، جے جے ایکٹ، بانڈڈ لیبر ایکٹ اور چائلڈ ٹریفکنگ ایکٹ کے تحت کارروائی کا حکم دیا ہے۔ طبی معائنے کے بعد تمام بچوں کو جووینائل ہوم بھیج دیا گیا ہے۔ ریسکیو آپریشن ایسوسی ایشن فار والنٹری ایکشن سے موصول ہونے والی معلومات کی بنیاد پر کیا گیا۔ آپریشن کے لیے تشکیل کردہ ٹیم میں تحصیلدار دیولی، محکمہ محنت، دہلی پولیس، ایسوسی ایشن فار والنٹری ایکشن کے اراکین اور بال وکاس دھارا شامل تھے۔ ایسوسی ایشن فار رضا کارانہ کارروائی اور بال وکاس دھارا جسٹ رائٹس فار چلڈرن (جے آر سی) کی شراکت دار تنظیمیں ہیں۔ جے آر سی بچوں کے حقوق کے تحفظ کے لیے کام کرنے والی سول سوسائٹی تنظیموں کا ملک کا سب سے بڑا نیٹ ورک ہے، جو ملک بھر کے 782 اضلاع میں زمین پر کام کر رہا ہے۔ بچائے گئے مزدوروں میں سب سے چھوٹے بچے کی عمر صرف چھ سال تھی۔ دوسرا سب سے چھوٹا 10 سال کا تھا۔ دونوں جوتوں کی دکان پر کام کرتے تھے۔ دکان کے مالک انہیں صرف چپس اور بسکٹ دیتا تھا۔ ان میں سے پانچ بچوں کو کوئی اجرت نہیں ملی۔ جن کو اجرت ملتی تھی وہ بہت کم تھے۔ دکان کے مالکان کا کہنا تھا کہ وہ ان بچوں کو وہ کام سکھا رہے ہیں جو وہ کر رہے تھے۔ دو بچے انتہائی ناقص اور خطرناک حالات میں کام کرتے ہوئے پائے گئے۔ ایک 16 سالہ نوجوان ایک ڈھابے پر تندوری روٹی بنا رہا تھا، جو اس کی عمر کے لیے خطرناک سمجھی جاتی تھی۔ ایک 17 سالہ نوجوان موٹر سائیکل کی مرمت کی دکان پر کام کر رہا تھا۔

## آیوشمان کارڈ بحران کے وقت متاثرہ اور اہل خانہ کے لیے سب سے بڑا سہارا بن سکتا ہے: انّ پورنا دیوی



نئی دہلی، 23 ستمبر (یو این آئی) خواتین و اطفال کی ترقی کی مرکزی وزیر انّ پورنا دیوی نے کہا ہے کہ پانچ لاکھ روپے تک مفت علاج کرانے میں معاون آیوشمان کارڈ کی اہمیت کو سمجھنے کی اشد ضرورت ہے، جو بیماری کے بحران کے وقت متاثرہ شخص اور اس کے خاندان کے لیے بڑا سہارا بن سکتا ہے۔ محترمہ انّ پورنا دیوی نے بدھ کے روز آیوشمان بھارت ڈے ※ کے موقع پر سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس ※ پر ایک پوسٹ شیئر کرتے ہوئے کہا کہ آیوشمان کارڈ کے تعلق سے یہ سوچنے کے بجائے کہ اس سے کیا ہی ہو جائے گا ※، اس کی اہمیت کو سمجھنے کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ کارڈ بیماری میں بڑے بحران کے وقت شخص اور اس کے خاندان کے لیے سب سے بڑا سہارا بن سکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ آیوشمان بھارت کے تحت اہل خاندانوں کو صحت کے تحفظ کی مضبوط ڈھال فراہم کی جاتی ہے اور فی خاندان فی سال پانچ لاکھ تک کے مفت علاج کی سہولت دستیاب ہے۔ انہوں نے بتایا کہ فہرست میں شامل سرکاری اور نجی ہسپتالوں میں کیش لیس ※ علاج کی سہولت بھی دستیاب ہے۔ مرکزی وزیر برائے خواتین و اطفال کی ترقی نے اس موقع پر تمام لوگوں سے یہ عزم کرنے کی اپیل کی کہ کوئی بھی اہل خاندان اس سہولت سے محروم نہ رہے اور خود بیدار بننے کے ساتھ ساتھ دوسروں کو بھی بیدار کریں۔

## وندے ماترم معاملے پر سپریم کورٹ کے موقف کا خیر مقدم

**مذہبی عقیدے کے خلاف کارروائی نہ کرنے کی حمایت**

نئی دہلی، 23 ستمبر (یو این آئی) سپریم کورٹ کی جانب سے 'وندے ماترم' سے متعلق سماعت کے دوران مذہبی عقیدے یا ضمیر کی بنیاد پر مذکورہ گیت نہ پڑھنے والے شخص کے خلاف تعزیری کارروائی نہ کیے جانے سے متعلق موقف کا حکیم اجمل خان فورم فار پیس اینڈ کمیونل ہارمنی کے قومی صدر جناب تیج لال بھارتی اور جنرل سکریٹری ڈاکٹر سیّد احمد خاں نے مشترکہ طور پر خیر مقدم کیا۔ حکیم اجمل خان فورم فار پیس اینڈ کمیونل ہارمنی کے قومی صدر تیج لال بھارتی نے سپریم کورٹ کے موقف کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا کہ پارلیمنٹ میں ایسا کوئی قانون نہیں بننا چاہیے جو آئین کے منافی ہو۔ انہوں نے کہا کہ ہندوستانی آئین نے ہر شہری، ہر ذات و برادری اور ہر مذہب سے تعلق رکھنے والے شخص کو عزت و احترام اور مساوی حقوق عطا کیے ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ جمہوریت کا مطلب صرف یہ نہیں ہے کہ پارلیمنٹ یا اسمبلی میں اکثریت کی بنیاد پر کوئی قانون بنا کر اسے عوام پر مسلط کر دیا جائے، بلکہ جمہوری نظام میں آئین کی بالادستی، بنیادی حقوق اور شہری آزادیوں کا تحفظ بھی انتہائی اہم ہے۔ تیج لال بھارتی نے کہا کہ سپریم کورٹ کی جانب سے آئینی حقوق کی طرف توجہ دلانا جمہوری نظام کے لیے اہم ہے۔ ان کے مطابق عدالت کی یہ کارروائی شہریوں کے آئینی حقوق اور ملک کے جمہوری اداروں پر اعتماد کو مضبوط کرنے میں معاون ثابت ہو سکتی ہے۔ ہندوستان کا آئین ملک کے ہر شہری کو مساوات، مذہبی آزادی اور عزت کے ساتھ زندگی گزارنے کا حق دیتا ہے۔ اس لیے کسی شہری کے مذہبی عقیدے یا ضمیر کے خلاف کسی قسم کی زبردستی جمہوری اقدار کے مطابق نہیں ہونی چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ سپریم کورٹ کی جانب سے شہری آزادی اور آئینی حقوق کے حوالے سے سامنے آنے والا موقف ایسے وقت میں اہم ہے جب ملک میں آئین کی بالادستی اور جمہوری اقدار کے تحفظ پر بحث جاری ہے۔ حکیم اجمل خان فورم فار پیس اینڈ کمیونل ہارمنی کے جنرل سکریٹری ڈاکٹر سید احمد خاں نے بھی سپریم کورٹ کے موقف کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا کہ اگر کوئی شخص مذہبی بنیاد پر 'وندے ماترم' نہیں پڑھتا تو اس سے زبردستی نہیں کی جانی چاہیے اور نہ ہی محض اس بنیاد پر اس کے خلاف تعزیری کارروائی کی جانی چاہیے۔ ڈاکٹر سید احمد خاں نے مزید کہا کہ جمہوری ملک میں شہری کی مذہبی آزادی اور اس کے ضمیر کی آزادی کا احترام لازمی ہے۔ انہوں نے سپریم کورٹ کی جانب سے اس آئینی پہلو کو اہمیت دیے جانے کو قابلِ تحسین قرار دیا۔ ملک میں آئین سب سے بالاتر ہے اور ہر شہری کے بنیادی حقوق کا تحفظ جمہوری نظام کا بنیادی لازمی جزو ہے۔ کسی بھی شہری کو اس کے مذہبی عقیدے یا ضمیر کے خلاف کسی عمل پر مجبور کرنا قطعی مناسب نہیں ہے۔

